☆ مسجد کو صاف رکھنا چاہیے اس میں بدبودار چیزیں کھا کر نہیں جانا چاہیے بلکہ خوشبو اور عطر وغیرہ لگا کر جانا چاہیے۔

☆ مسجد میں پانچوں وقت اذان دی جائے اور باجماعت نماز ادا کی جائے۔

100۔ اسلامی معاشرہ کس بات کی مظہر کا ہے؟

جواب۔ اسلامی معاشرہ اخوت ومساوات کا مظہر ہے۔

101۔ صلہ رحمی سے متعلق کوئی ایک حدیث لکھیں یا ترجمہ کریں۔

جواب۔ حضرت انسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے پسند کیا کہ بڑھا دیا جائے رزق اس کے لیے یا اس کی اجل میں تاخیر کر دی جائے تو اسے چاہیے کہ وہ صلہ رحمی کرے۔ (بخاری ومسلم)

102۔ اسلامی ریاست کے دو فرائض لکھیے۔

جواب۔ شہریوں کے بنیادی حقوق کی حفاظت کرے، ان کے مال وعزت کی حفاظت کرے، آزادی اظہار رائے، نجی زندگی کا تحفظ وغیرہ۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



103- تبلیغ کے اصطلاحی معنی لکھیے۔

جواب- شریعت کی اصطلاح میں تبلیغ سے مراد اسلامی احکام اور عقائد کو ٹھیک ٹھیک اور بلا کم و کاست کوشش کا نام ہے جس کا مقصود اللہ تعالیٰ کی رضا اور دین کی سربلندی ہے۔

104- توحید کے انسانی زندگی پر دو اثرات لکھیں۔

جواب- وسعت نظر، تقویٰ، پرہیزگاری، اطمینان قلب، گناہوں سے اجتناب

105- اسلامی تمدن کی دو خصوصیات لکھیں۔

جواب- ☆ انسانی معاملات ☆ حاکمیت اعلیٰ ☆ انقلابی تمدن

106- ترجمہ کیجیے۔ ان اللہ یامر بالعدل والاحسان

جواب- ترجمہ: بے شک اللہ عدل اور احسان کا حکم دیتا ہے۔

107- والدین کے دو فرائض لکھیں۔

جواب- ☆ اچھا نام رکھنا ☆ تحفظ زندگی ☆ پرورش ☆ تربیت اخلاق

108- احسان کے دو فائدے لکھیں۔

جواب- ☆ اللہ تعالیٰ کی رضا و محبت اور آخرت میں کامیابی ☆ رحمت الٰہی ☆ معاشرے کی تعمیر و ترقی

109- عدل کی کوئی سی دو مثالیں تحریر کریں۔

جواب- ☆ خانہ کعبہ تعمیر نو کا تنازعہ ایک تاریخی واقعہ ہے حجر اسود کے نصب کرنے میں قبائل قریش میں جھگڑا بڑھا حتیٰ کہ تلواریں سونت لی گئیں معاہدہ آپ ﷺ کے پاس لایا گیا اور آپ ﷺ نے نہایت خوش اسلوبی سے یہ جھگڑا تنازعہ نپٹا دیا۔

☆ اسی طرح ایک مرتبہ ایک یہودی اور ایک مسلمان کا تنازعہ ہوا دونوں آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ ﷺ نے دونوں کی باتیں سن کر فیصلہ یہودی کے حق میں کیا۔

110- احسان کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم کیا ہے؟

جواب- احسان کا لغوی معنی ہے اچھا کرنا، خوبصورت بنانا، اور شرعی اصطلاح میں احسان اس نیک عمل کو کہتے ہیں جو بہترین طریقے پر انجام دیا گیا ہو۔

111- علم کی اہمیت کے بارے میں ایک حدیث اور اس کا ترجمہ لکھیں۔

جواب- تعلم العلم وعلموہ الناس

ترجمہ: یعنی علم سیکھو اور دوسروں کو سکھاؤ۔

112- مسجد کا مفہوم تحریر کریں۔

جواب- مسجد کے لغوی معنی سجدہ گاہ کے ہیں اسلامی اصطلاح میں مسجد اس جگہ یا مکان کو کہتے ہیں جہاں روزانہ پانچ وقت نماز باجماعت ہوتی ہے۔ اور وہ جگہ عبادت اور نماز کے لیے مستقلاً وقف کر دی گئی ہو۔

113- ہمسائے کا اصطلاحی مفہوم تحریر کریں۔

جواب- عربی زبان میں جار (جمع جیران) ہمسایہ کے لیے استعمال ہوتا ہے جس کے معنی ذمہ داری اور پناہ لینا ہے۔ اسی طرح ہمسایہ کا عام مفہوم قریبی مکان یا دکان کا ساتھی ہے یعنی قرب و جوار میں رہنے والے افراد ہمسایہ کہلاتے ہیں۔

114- اخوت سے متعلق کوئی قرآنی آیات لکھیں۔

جواب- انما المومنون اخوۃ ترجمہ: بلاشبہ سب مسلمان بھائی بھائی ہیں۔

115- جہاد کا اصطلاحی مفہوم بیان کریں۔

جواب- شرعی اصطلاح میں ہر اس کوشش کو جہاد کہا جاتا ہے جو دین کی حمایت، اشاعت، تحفظ اور سربلندی کے لیے کی جائے۔

116- تمدن کا مفہوم بیان کریں۔

جواب- تمدن کے لغوی معنی ہیں شہر بسانا، شہری زندگی اختیار کرنا، مہذب اور خوش اخلاق ہونا وغیرہ جبکہ اصطلاح میں تمدن سے مراد ہے وہ تمام ہیں جو Civilization میں شمار ہوتی ہیں مثلاً شائستہ ہونا، بود و باش، شہری زندگی اپنانا وغیرہ۔ تمدن حقیقت میں ضروریات زندگی کی پیداوار ہے۔ انسان کی ضروریات رفتہ رفتہ تمدن کو جنم دیتی ہیں۔

117- صبر کے دو فوائد لکھیے۔

جواب- ☆ قرب خداوندی ☆ گناہوں کا کفارہ ☆ نصرت الٰہی ☆ جنت کا حصول

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



118۔ عائلی زندگی کی اہمیت بیان کیجیے۔
جواب۔ عائلی زندگی کا مقصد خاندانی معاشرہ کا حصول ہے اور عفت وحیاداری کو کمال تک پہنچانا ہے اور اسی طرح عائلی زندگی کی وجہ سے اخلاق حسنہ کا تحفظ ہوتا ہے اور نسل بقائے انسانی کو حلال طریقہ مل جاتا ہے۔

119۔ سب سے بہترین ذکر کونسا ہے؟
جواب۔ لا الہ الا اللہ

120۔ احسان کے فوائد لکھیں۔
جواب۔ ☆ اللہ تعالیٰ کی رضا و محبت اور آخرت میں کامیابی ☆ رحمت الٰہی ☆ معاشرہ کی تعمیر وترقی

121۔ مسجد کے مقاصد پر مختصر نوٹ لکھیں۔
جواب۔ معاشرے کی اصلاح اور تعمیر وترقی میں مسجد نہایت اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ابتدائے اسلام میں مسلمانوں کی درسگاہ اور تربیت کا مرکز صرف ساجد تھیں۔ مسجد عبادت، تعلیم اور تربیت کا مرکز ہوتی ہے۔

122۔ خدمت خلق کے دو فائدے تحریر کیجیے۔
جواب۔ ☆ اسوہ حسنہ پر عمل ☆ رضائے الٰہی کا حصول ☆ گناہوں کا کفارہ ☆ محبوب خلق

123۔ اسلامی معاشرہ کی خصوصیات لکھئے۔
جواب۔ ☆ نظریاتی معاشرہ ☆ اتحاد وتنظیم ☆ ایثار وقربانی ☆ عدل واحسان

124۔ مکتب کا مفہوم بیان کریں۔
جواب۔ مکتب کے معنی لکھنے کی جگہ لیکن اصطلاحاً مکتب میں ہر وہ جگہ شامل ہیں جہاں درس وتدریس اور تعلیم وتعلم کا کام ہو رہا ہو۔

125۔ حقوق کی اقسام لکھیں۔
جواب۔ حقوق کی دو اقسام ہیں۔ 1۔ حقوق اللہ 2۔ حقوق العباد

126۔ رشتہ داروں کے چار حقوق لکھیں۔
جواب۔ ☆ حسن سلوک ☆ مالی امداد وتعاون ☆ محبت وشفقت ☆ خیرخواہی
☆ غمی اور خوشی میں شرکت

127۔ ہمسایہ کے چار فرائض لکھیں۔
جواب۔ ☆ ہمسائے کو اذیت نہ دیں ☆ باہم حسن سلوک سے پیش آئیں
☆ پڑوسی کی حق تلفی نہ کریں۔ ☆ آپس میں محبت و پیار بڑھانے کیلئے تحائف کا عطیہ کرے۔

128۔ اخوت کا مفہوم واضح کریں۔
جواب۔ اخوت عربی لفظ اخ سے ماخوذ ہے جس کا معنی بھائی ہیں، اخوت کے معنی بھائی چارہ کے ہیں۔ اخوت سے مراد دین یا وطن کے لحاظ سے ہر مسلمان کلمہ گو چاہے وہ دنیا کے کسی گوشے میں آباد ہو یا کس رنگ سے تعلق رکھتا ہو وہ دین کے لحاظ سے مسلمان کا بھائی ہے۔

129۔ اصول تبلیغ پر تین سطروں کا نوٹ لکھیں۔
جواب۔ تبلیغ کی فرضیت اور اہمیت کو سمجھ لینے کے بعد ان کے اصولوں کو سمجھنا بھی ضروری ہے قرآن حکیم میں تبلیغ کے تین اصول بیان ہوئے ہیں۔
☆ حکمت وتدبر ☆ موعظت حسنہ ☆ مناظرہ بطریق احسن

130۔ شہری کے دو معاشی اور دو سیاسی حقوق واضح کیجیے۔
جواب۔ شہری کے دو معاشی حقوق یہ ہیں۔ 1۔ ملکیت کا حق 2۔ وسائل معاش مہیا کرنا
شہری کے دو سیاسی حقوق یہ ہیں۔ 1۔ رائے دینے کا حق 2۔ شخصی آزادی

131۔ اسلامی تہذیب کے عوامل لکھیں۔
جواب۔ ☆ اللہ پر ایمان ☆ ایمان بالرسل ☆ فرشتوں پر ایمان
☆ الہامی کتابوں پر ایمان ☆ آخرت پر ایمان

132۔ تہذیب کا مفہوم بیان کریں۔
جواب۔ تہذیب کے لغوی معنی ہیں درخت کی کانٹ چھانٹ کرنا، اخلاق کی اصلاح کرنا اور سنوارنا کے ہیں جبکہ اصطلاح میں تہذیب سے مراد ہے خالص ذہنی میلان یا ساخت جس سے افراد ملت کے سیرت وکردار کی تشکیل ہوتی ہے ایک قوم کے وہ خدوخال جو اسے دوسری قوموں سے ممتاز کریں تہذیب کہلاتے ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



133- تقویٰ کی وضاحت ایک مثال سے کیجیے۔

جواب- حضرت کعب الاحبارؓ نے سوال کیا کہ آپ کبھی خاردار راستے سے گزرے ہیں اور کس طرح گزرے ہیں؟ تو حضرت عمرؓ نے جواب دیا کہ اپنا دامن سمیٹ لیتا ہوں کہیں کانٹے اس میں چبھ نہ جائیں۔ حضرت کعب احبارؓ نے فرمایا بس یہی تقویٰ ہے کہ دنیا کے خاردار جنگل میں سے اپنے دامن کو سمیٹ کر گزر جائیں کہ کہیں اللہ کی نافرمانی کے کانٹے اس کے ساتھ الجھ نہ جائیں۔

134- ذکر کی مختلف صورتیں لکھیں۔

جواب- ذکر کی دو اقسام ہیں۔ ☆ ذکر جلی ☆ ذکر خفی

136- عدل اور احسان میں فرق لکھیں۔

جواب- احسان کا مفہوم عدل سے زیادہ وسیع ہے عدل سے مراد کسی کا پورا پورا حق دینا ہے لیکن احسان یہ ہے کہ دوسرے کو اس کے حق سے زیادہ دیا جائے اور خود اپنے حق سے کم کر لیا جائے بالفاظ دیگر، کسی معاملے میں برابری کا لین دین کرنا عدل ہے۔ لیکن بدلہ لینے کی بجائے معاف کر دینا اور عمدہ سلوک سے پیش آنا یا احسان ہے۔

136- خدمت خلق کا مفہوم بیان کریں۔

جواب- خدمت خلق سے مراد اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کیلئے بغیر اجرت، صلہ اور معاوضہ کے مخلوق خدا کے کام آنا، اور ان کی مدد کیلئے تیار رہنا۔

137- اولاد کے چار حقوق تحریر کیں۔

جواب- ☆ تحفظ حیات ☆ عدل واحسان ☆ محبت وشفقت ☆ حق وراثت

138- اخوت کے فوائد لکھیے۔

جواب- اتحاد و اتفاق کا پیدا ہونا، ظلم و جبر کی روک تھام، حاجت روائی، غربا اور مساکین سے محبت وغیرہ۔

139- مسجد کے دو فوائد لکھیں۔

جواب- ☆ طہارت و پاکیزگی کا مقام ☆ اتحاد اسلامی کا مظہر ☆ اطمینان وسکون قلب کا مقام

140- استاد کے چار حقوق لکھیں۔

جواب- ☆ ادب واحترام ☆ اطاعت وفرمانبرداری ☆ خدمت گزاری ☆ دعائے خیر

141- تعلیم کے بارے میں ایک قرآنی آیت مع ترجمہ لکھیں۔

جواب- رب زدني علما ترجمہ: اے میرے پروردگار میرے علم میں اضافہ فرما۔

142- رشتہ داروں کے تین فرائض لکھیے۔

جواب- ☆ حسن سلوک ☆ مالی امداد و تعاون ☆ محبت وشفقت ☆ خیر خواہی
☆ غمی اور خوشی میں شرکت

143- جہاد بالسیف سے کیا مراد ہے؟

جواب- جہاد بالسیف سے مراد تلوار سے لڑنا

144- شہری کے دو معاشی حقوق لکھیے۔

جواب- شہری کے دو معاشی حقوق ہیں۔ ☆ ملکیت کا حق ☆ وسائل معاش مہیا کرنا

145- استاد کے تین فرائض لکھیں۔

جواب- ☆ طلباء سے شفقت ومحبت ☆ حکمت ودانائی ☆ جسمانی سزا سے گریز

146- یوم آخرت کا مفہوم تحریر کریں۔

جواب- آخرت سے مراد بعد میں آنے والی چیز سب سے پچھلی زندگی، چونکہ قیامت اس کائنات کے فنا ہو جانے کے بعد قائم ہوگی، اس دن تمام انسانوں سے حساب کتاب لیا جائیگا مظلوم کو اس کا حق ظالم سے دلوایا جائیگا، کوئی بھی شخص اس سے متاثرہ ہوئے بغیر نہ رہ سکے گا۔

147- نبی اور رسول میں کیا فرق ہے؟

جواب- نبی اور رسول دونوں اللہ تعالیٰ کی طرف برگزیدہ بندے ہوتے ہیں جو لوگوں کی اصلاح اور دین سکھانے کیلئے مبعوث ہوتے ہیں لیکن ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ نبی اپنے سے پہلے رسول کی شریعت اور کتاب کا تابع ہوتا ہے اور اسی شریعت اور کتاب کی ترویج وتبلیغ کرتا ہے جبکہ رسول کو نئی کتاب اور نئی شریعت اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا ہوتی ہے۔

148- اسلام کا تصور خدمت خلق کیا ہے؟

جواب- اسلام میں خدمت خلق کو بہت اہمیت حاصل ہے یہی وجہ ہے کہ ہمارے پیارے نبی ﷺ نا صرف ساری زندگی اس کا حکم دیتے رہے بلکہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


آپ ﷺ نے عملی نمونہ پیش کر کے دکھایا کئی مواقع خدمت خلق کے خود صحابہ کرامؓ نے سرانجام دیے جیسے رفاعہ عامہ (مساجد کی تعمیر، کنویں کھدوانا، شفاخانے کی تعمیر کروانا) محتاجوں کی امداد کرنا، یتیموں کی کفالت کرنا، بیواؤں کی خبر گیری کرنا، بیماروں کی عیادت کرنا، خادموں کے ساتھ حسن سلوک کرنا وغیرہ۔

149۔ حضور ﷺ کی زندگی سے عدل کی دو مثالیں دیں۔

جواب۔ ☆ غزوہ بدر میں دشمن کے قیدیوں میں آپ کے چچا حضرت عباسؓ بھی تھے بعض انصار نے کہا اگر اجازت ہو تو ہم اپنے بھانجے عباسؓ کا فدیہ معاف کریں۔ آپؐ نے فرمایا ایک درہم بھی کم نہ ہوگا۔

☆ اسی طرح ایک مرتبہ ایک یہودی اور ایک مسلمان کا تنازعہ ہوا دونوں آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپؐ نے دونوں کی باتیں سن کر فیصلہ یہودی کے حق میں کیا۔

150۔ اسلام میں عورت کی حیثیت پر مختصر نوٹ لکھیں۔

جواب۔ ☆ اسلام دین فطرت ہے اس نے جاہلیت کے زمانے سے نکال کر عورت کو بہترین مقام دیا۔

☆ اسلام نے عورت کے نان نفقہ، حسن سلوک، ظلم سے اجتناب کا حکم دیا ہے۔

☆ اسلام نے عورت کو چار طرح سے عزت بخشی۔ ماں، بیٹی، بہن، اور بیوی کی صورت میں۔

151۔ بیوی کے چار حقوق لکھیں۔

جواب۔ بیوی کا حق ہے کہ اس کا خاوند اس سے حسن سلوک سے پیش آئے، اس کا نان نفقہ، مہر کی ادائیگی، عدل و مساوات اور ظلم سے اجتناب کرے۔

152۔ طلاق رجعی سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ طلاق رجعی سے مراد ایسی طلاق جس کے بعد رجوع کا حق حاصل رہے۔

153۔ مفید علم کے فوائد لکھیں۔

جواب۔ ☆ خداشناسی ☆ تحقیق و جستجو کی جدوجہد ☆ خود آگاہی

154۔ تین افضل ترین مساجد کے نام لکھیں جن کی طرف عبادت کی نیت سے سفر کیا جا سکتا ہے۔

جواب۔ بیت اللہ (خانہ کعبہ)، بیت المقدس، اور مسجد نبوی ﷺ

155۔ مسجد کے چار آداب لکھیں۔

جواب۔ ☆ طہارت اور پاکیزگی رکھنا، بغیر وضو کے مسجد میں نہیں جانا چاہیے۔ ☆ بلاوجہ نہ سونا

☆ شور و شغب سے اجتناب کرنا ☆ دنیاوی باتوں سے پرہیز کرنا ☆ تجارتی مقاصد کیلئے استعمال نہ کرنا۔

156۔ اسلامی معاشرہ سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ ایسا معاشرہ جو اسلام کے پیروکاروں پر مشتمل ہو اور قرآن و سنت کے مطابق زندگی گزارے یہ اسلامی معاشرہ کہلاتا ہے۔

157۔ تبلیغ کے کوئی سے دو طریقے لکھیں۔

جواب۔ ☆ زبانی تبلیغ ☆ تحریر و قلم کے ذریعے ☆ ریڈیو، ٹیلی ویژن کی تبلیغ نشریات

☆ تبلیغی ادارے اور جماعتیں

158۔ رشتہ داروں سے حسن سلوک پر ایک حدیث یا اس کا ترجمہ لکھیں۔

جواب۔ ☆ قطع رحمی کرنے والے کا کوئی عمل قابل قبول نہیں

☆ قرابت داری عرش خداوندی سے لٹکی رہتی ہے اور کہتی ہے جو مجھے جوڑے گا اللہ اسے جوڑے گا اور جو مجھے توڑے گا اللہ تعالیٰ اسے توڑے گا۔

159۔ ہمسایوں کے حقوق لکھیں۔

جواب۔ ☆ ہمسائے کو اذیت نہ دیں ☆ باہم حسن سلوک سے پیش آئیں

☆ پڑوسی کی حق تلفی نہ ہو ☆ آپس میں محبت و پیار بڑھانے کیلئے تحائف کا عطیہ کرے۔

160۔ ریاست کے کوئی سے دو حقوق لکھیں۔

جواب۔ شہریوں کے بنیادی حقوق کی حفاظت کرے، ان کے مال و عزت کی حفاظت کرے، آزادی اظہار رائے، نجی زندگی کا تحفظ وغیرہ۔

161۔ اخوت کے چار تقاضے لکھیے۔

جواب۔ اتحاد و اتفاق کا پیدا ہونا، ظلم و جبر کی روک تھام، حاجت روائی، غرباء اور مساکین سے محبت وغیرہ۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


162- جہاد اور قتال میں کیا فرق ہے؟
جواب- جہاد ہر اس کوشش کو کہتے ہیں جو دین کی سربلندی کیلئے کی جائے۔ یہ کوشش قلم سے بھی ہو سکتی ہے اور تلوار سے بھی۔ تلوار سے کی جانے والی کوشش قتال کہلاتی ہے اسے جہاد بالسیف بھی کہتے ہیں۔

163- اسلامی تہذیب کی اساس کس چیز پر ہے؟
جواب- اسلامی تہذیب کی اساس توحید پر ہے۔

164- اسلامی تمدن کی چار خصوصیات لکھیں۔
جواب- ☆ انسانی معاملات ☆ حاکمیت اعلیٰ ☆ انقلابی تمدن

165- اسلامی تہذیب کے عوامل بیان کیجیے۔
جواب- اسلامی تہذیب کے عوامل پانچ ہیں اللہ پر ایمان، فرشتوں پر ایمان، رسولوں پر ایمان، آسمانی کتابوں پر ایمان، آخرت پر ایمان۔

166- ذکر کے دو فوائد لکھیں۔
جواب- ☆ اطمینان قلب ☆ رضائے الٰہی کا حصول ☆ حصول جنت کا ذریعہ

167- عدل کے بارے میں ایک قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیں۔
جواب- ان اللہ یامر بالعدل والاحسان بے شک اللہ عدل اور احسان کا حکم دیتا ہے۔

168- صبر کے دو فوائد لکھیے۔
جواب- ☆ قرب خداوندی ☆ گناہوں کا کفارہ ☆ نصرت الٰہی ☆ جنت کا حصول

169- اخوت کے لغوی معنی لکھیے۔
جواب- اخوت عربی لفظ اخ سے ماخوذ ہے جس کا معنی بھائی چارہ ہیں اخوت کے معنی بھائی چارہ کے ہیں۔ اخوت سے مراد دین یا وطن کے لحاظ سے ہر مسلمان کو چاہے وہ دنیا کے کسی گوشے میں آباد ہو یا کسی رنگ سے تعلق رکھتا ہو وہ دین کے لحاظ سے مسلمان کا بھائی ہے۔

170- عائلی زندگی کے چار فوائد لکھیں۔
جواب- 1- بقائے نسل انسانی 2- تربیت اولاد 3- راحت وسکون 4- احساس ذمہ داری

171- اسلامی نقطہ نظر سے تعلیم کے دو مقاصد تحریر کریں۔
جواب- اشاعت اسلام، تحقیق وجستجو، نیک اعمال، کردار کی تشکیل وغیرہ۔

172- انما بعثت معلما کا ترجمہ لکھیں۔
جواب- بے شک مجھے معلم بنا کر بھیجا گیا۔

173- لفظ معاشرہ کا مفہوم بیان کریں۔
جواب- لفظ معاشرہ عربی زبان میں عشر بروزن مفاعلہ سے مشتق ہے جس کا معنی ایک سے زائد افراد کا مل جل کر زندگی گزارنا، اصطلاح میں معاشرہ سے مراد ،ایک اوصاف کے حامل، یکساں نظریات وعقائد رکھنے والے افراد کا مخصوص ثقافتی ومعاشرتی عادات واطوار کے مطابق زندگی گزارنا۔

174- اچھے معاشرے کی چار خوبیاں لکھیں۔
جواب- نظریاتی معاشرہ ☆ اتحاد وتنظیم ☆ ایثار وقربانی ☆ عدل واحسان

175- امت مسلمہ کے دو فرائض بیان کیجیے۔
جواب- ☆ نفع رسان امت ☆ امر بالمعروف کی وجہ سے ☆ برائی سے روکنے والی
☆ اللہ پر ایمان رکھنے والی ☆ تمام نبیوں کی تصدیق کرنے والی

176- اخوت سے کیا مراد ہے؟
جواب- اخوت عربی لفظ اخ سے ماخوذ ہے جس کا معنی بھائی چارہ ہیں اخوت کے معنی بھائی چارہ کے ہیں۔ اخوت سے مراد دین یا وطن کے لحاظ سے ہر مسلمان کو چاہے وہ دنیا کے کسی گوشے میں آباد ہو یا کسی رنگ سے تعلق رکھتا ہو وہ دین کے لحاظ سے مسلمان کا بھائی ہے۔

177- حضور ﷺ نے مدنی زندگی میں اخوت کی سب سے پہلی مثال کونسی ہے؟
جواب- رسول اللہ ﷺ نے ہجرت مدینہ کے بعد صحابہ کرامؓ میں سے مہاجرین اور انصار کے درمیان رشتہ اخوت قائم کیا۔ جو تا قیامت ایک بہت بڑی مثال ہے۔

178- حضور ﷺ نے علم کے فروغ کے لیے کیا کیا؟
جواب- رسول ﷺ نے غزوہ بدر کے کفار قیدیوں کو جو کہ پڑھے لکھے تھے، ان کی آزادی کو علم سکھانے پر شرط ٹھہرادی کہ ایک آدمی سترہ مسلمان بچوں اور بڑوں کو تعلیم دے گا۔ یہ دنیا میں پہلی درسگاہ اور عدالت ہے کہ جہاں علم سکھانا ہی قید سے رہائی کیلئے شرط بن گیا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



179- اخلاق کا اصطلاحی مفہوم لکھئے۔

جواب- اخلاق سے مراد انسان کے وہ اوصاف اور اعمال و عادات ہیں جن کی وجہ سے رذائل سے بچتا اور فضائل سے آراستہ ہوتا ہے اخلاق کی دو قسمیں ہیں۔ 1- اخلاق حسنہ 2- اخلاق سیہ

180- اسلامی تہذیب کے چار عناصر لکھیں۔

جواب- کلمہ شہادت، نماز، روزہ، زکوۃ، حج۔

181- شکر کے لغوی معنی اور اس کی اقسام لکھئے۔

جواب- 1- قولی شکر: شکر قولی سے مراد زبان سے شکر ادا کرنا ہے اللہ کی نعمتوں کا اعتراف کرنا، قولی شکر کی تعلیم اللہ نے قرآن میں دی ہے۔

2- عملی شکر: انسان کا اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں اور قوتوں کو صحیح طور پر اس کی منشاء کے مطابق استعمال کرنا عملی شکر ہے۔

182- عدل کے بارے میں ایک قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیں۔

جواب- ان اللہ یامر با لعدل والا حسان بے شک اللہ عدل اور احسان کا حکم دیتا ہے۔

183- ترجمہ کیجیے۔ خیر کم من تعلم القرآن و علمہ

جواب- ترجمہ: تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔

184- عائلی زندگی سے کیا مراد ہے؟

جواب- عائلی زندگی سے مراد گھر کے ان تمام افراد کی زندگی جو والد، والدہ اور بچوں کی شکل پر مشتمل ہیں یہ معاشرے کا سب سے اہم اور ضروری ادارہ ہے۔

185- مسجد میں داخل ہونے کی دعا یا اس کا ترجمہ لکھیں۔

جواب- اے اللہ! میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

186- خدمت خلق کا مفہوم بیان کیجیے۔

جواب- خدمت خلق سے مراد اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کیلئے اس کی مخلوق کی مدد کرنا اور اعانت کرنا اور ان کے ساتھ تعاون اور ہمدردی کا سلوک کرنا، دوسرے لفظوں میں مخلوق خدا کے حقوق کی ادائیگی کا نام خدمت خلق ہے۔

187- چار مشہور مساجد کے نام لکھیں۔

جواب- 1- بیت اللہ (خانہ کعبہ) 2- مسجد نبوی ﷺ (مدینہ منورہ) 3- مسجد اقصیٰ (فلسطین)
4- مسجد قرطبہ (اسپین) 5- فیصل مسجد (اسلام آباد)

188- استاد کے دو فرائض لکھئے۔

جواب- استاد کو طلباء پر شفقت و محبت کرنی چاہیے اور تمام طلباء سے یکساں اور برابر مساوات کا برتاؤ رکھے اور استاد کو اپنے مضمون پر مکمل عبور ہو۔

189- علم کی دو اقسام لکھئے۔

جواب- ☆ علم الابدان (علم طب) ☆ علم ادیان (مذاہب کے متعلق علم)

190- عالم کی فضیلت کے بارے میں کسی حدیث کا ترجمہ لکھئے۔

جواب- ☆ جو شخص علم حاصل کرنے کے لیے گھر سے نکلتا ہے تو وہ واپس آنے تک جنت کی راہ اور اللہ کی راہ پر چلتا ہے۔

☆ عالم دین جب زمین پر چلتا ہے تو اس کے لیے زمین کے حشرات و پرندے دعائے مغفرت کرتے ہیں فرشتے اس کے پیروں تلے اپنے پر بچھاتے ہیں اور سمندر کی مچھلیاں اس کے لئے دعائے مغفرت کرتی ہیں۔

191- اسلام میں قومیت کا کیا تصور ہے؟

جواب- اسلام کا قومیت کے بارے میں موقف واضح ہے کہ اسلام میں قومیت صرف شناخت، پہچان کیلئے ہے اس سے زیادہ اس کی حقیقت کچھ بھی نہیں ہے اور نہ ہی قومیت کو اسلام معیار، برتری اور بزرگی قرار دیتا ہے۔

192- اسلامی ریاست کے دو فرائض لکھئے۔

جواب- شہریوں کے بنیادی حقوق کی حفاظت کرے، ان کے مال و عزت کی حفاظت کرے، آزادی اظہار رائے، نجی زندگی کا تحفظ وغیرہ۔

193- مسجد ہمیں کیا سکھاتی ہے؟

جواب- مسجد ہمیں عبادت خداوندی، اخوت و اتحاد اور باہمی محبت کا درس دیتی ہے۔

194- جہاد اکبر سے کیا مراد ہے؟

جواب- جہاد بالنفس یعنی نفس کے ساتھ جہاد کرنا مطلب یہ ہے کہ اپنے نفس کی خواہشات پر قابو پا کر اطاعت الٰہی بجالانے کا نام جہاد اکبر ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## 2017

**195** رسول کے لغوی اور اصطلاحی مفہوم کیا ہے؟

جواب: رسول کے لغوی معنی پیغام پہنچانے والا جبکہ دین کی اصطلاح میں رسول اللہ کے اس برگزیدہ بندے کو کہتے ہیں جو خالق کا پیغام اس کی مخلوق تک پہنچانے کا فریضہ سرانجام دیتا ہے۔

**196** حضور ﷺ سے پہلے انبیاء میں اور آپؐ میں کیا فرق ہے؟

جواب۔ حضور ﷺ سے پہلے انبیاء خاص قوم اور خاص وقت کیلئے آتے تھے۔ آپؐ خاص قوم اور خاص وقت کیلئے نہیں بلکہ قیامت تک آنے والے لوگوں کیلئے رسول بن کر آئے ہیں۔

**197** چار الہامی کتابیں کن کن انبیاء پر نازل ہوئیں۔

جواب: تورات ۔ حضرت موسیٰؑ

زبور ۔ حضرت داؤدؑ

انجیل ۔ حضرت عیسیٰؑ

قرآن مجید۔ حضرت محمد ﷺ

**198** ذکر نہ کرنے والوں کو کیا وعید سنائی گئی ہے؟

جواب۔ پس تباہی ہے ان لوگوں کیلئے جن کے دل اللہ کے ذکر کیلئے سخت ہیں۔ یہ لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔ (الزمر)

**199**۔ ناشکرے کو کیا وعید سنائی گئی ہے؟

جواب۔ اگر میرا تم شکر ادا کرو گے تو میں تمہیں زیادہ دوں گا اور اگر تم میری ناشکری کرو گے تو یقیناً میرا عذاب سخت ہے۔ (ابراہیم-7)

**200** شکر کی تین مختلف صورتیں لکھیں۔

جواب: i۔ قلبی شکر ii۔ لسانی شکر iii۔ عملی شکر

**201** خلع کی وضاحت کریں۔

جواب: خلع سے مراد ہے اگر میاں بیوی کا آپس میں گزارا نہ ہو سکتا ہو تو بیوی کو یہ حق دیا گیا ہے کہ وہ خاوند سے حاصل کردہ مراعات یا حق مہر کی رقم واپس ادا کر کے یا کچھ دے کر خاوند سے طلاق حاصل کر سکتی ہے۔ لیکن غلط انداز میں خلع حاصل کرنے کی اللہ اور اس کے رسولؐ نے مذمت کی ہے۔

مکتب کے دو مقاصد:۔

1۔ علم کی ترویج 2۔ سیرت و کردار کی تشکیل 3۔ نظم و ضبط کی تربیت 4۔ مذہبی رواداری

**202** علم کی اہمیت پر قرآنی آیت لکھئے۔

جواب: کہہ دیجئے کہ جو وہ علم رکھتے ہیں اور وہ جو علم نہیں رکھتے کیا برابر ہو سکتے ہیں۔

**203**۔ رشتہ داروں کے چار حقوق لکھئے۔

جواب: ا۔ حسن سلوک ۲۔ مالی امداد ۳۔ محبت و شفقت ۴۔ غمی و خوشی میں شرکت

**204** جہاد کے بارے میں قرآنی آیت اور اس کا ترجمہ لکھئے۔

جواب۔ وجاھدوا فی اللہ حق جھادہ۔

(ترجمہ) اور اللہ کے راستے میں جہاد کرو جیسا کہ اس کے راستے میں جہاد کرنے کا حق ہے۔ (القرآن)

**205** معاشی عدل کی اہمیت بیان کریں۔

جواب: معاشی عدل سے مراد یہ ہے کہ ہر فرد کا قومی دولت سے استفادہ حاصل کرنے کا حق ہے اور دولت صرف چند ہاتھوں میں جمع نہ ہو جائے۔ اسلام نے دنیا کی ہر چیز کو اللہ کی ملکیت قرار دیا ہے۔ ہر شخص کو بنیادی ضرورت روٹی، کپڑا، مکان، تعلیم اور عدل مہیا کرے۔

**206** خدمت خلق کے دو فوائد لکھیں۔

جواب: ا۔ روحانی سکون ۲۔ انسانی وقار قائم رہتا ہے۔ ۳۔ حسن معاشرت ۴۔ نیکی کا غلبہ

**207** امت کی تعریف کریں۔

جواب: امت عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی جماعت، خاندان اور ایک نبی کے ماننے والے اور اصطلاحی طور پر امت سے مراد ایک نبی کو ماننے والے ہیں۔ قرآن مجید میں امت کئی معنوں میں استعمال ہوا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



208 عقیدہ توحید پر ایک آیت کریمہ لکھیں۔

جواب: والٰھکم الٰہ واحد

ترجمہ۔ اور تمہارا معبود وہ ایک ہی معبود ہے۔

209 شکر کے بارے میں ایک حدیث یا اس کا ترجمہ لکھیں۔

جواب: کھانا کھا کر شکر ادا کرنے والا ایسے ثواب کا مستحق ہے جیسے روزہ رکھ کر صبر کرنے والا ہے۔

210 ایثار کی وضاحت کریں۔

جواب۔ ایثار کے لفظی معنی قربانی اور اصطلاح میں ایثار سے مراد خود کو تکلیف اور مشقت میں رکھتے ہوئے مخلوق خدا کو راحت پہنچانا یا اپنی ضروریات پر دوسروں کی ضروریات کو مقدم کرنا ایثار کہلاتا ہے۔

211۔ والدین سے حسن سلوک کے متعلق کوئی ایک آیت کریمہ لکھیں۔

جواب۔ ا۔ اور والدین کے ساتھ حسن سلوک کرو۔　۲۔ اور ہم نے انسان کو یہ ہدایت کی کہ وہ اپنے والدین سے نیک سلوک کرے۔

212 رضاعت کا مطلب اور مدت تحریر کریں۔

جواب: رضاعت کا مطلب بچے کو دودھ پلانا۔ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک رضاعت کی مدت دو سال ہے اور صاحبین کے نزدیک اڑھائی سال ہے۔

213 مسجد میں داخل ہونے کی دعا لکھیں۔

جواب: اللھم افتح لی ابواب رحمتک۔

ترجمہ۔ اے اللہ میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

214۔ اخوت اور مواخات میں فرق بیان کریں۔

جواب: اخوت کے لفظی معنی بھائی چارہ اور مواخات سے مراد بھائی چارے کے رشتے کو جوڑ دینا آپ ﷺ نے ایک مہاجر اور ایک انصاری کو دینی بھائی بنایا اور اس رشتہ کو رشتہ مواخات کہتے ہیں۔

215۔ نماز اور روزہ کے عربی الفاظ لکھئے۔

جواب: نماز - صلوٰۃ

روزہ - صوم

216 عدل کی دو اقسام لکھیں۔

جواب۔ ا۔ انفرادی عدل　۲۔ اجتماعی عدل

217 خدمت خلق کی دو صورتیں لکھیں۔

جواب: ا۔ یتیموں، مسکینوں، بیواؤں کی خدمت کرنا۔

۲۔ جسمانی طور پر معذور لوگوں کی مدد کرنا۔

۳۔ برائی سے بچنے کی تلقین۔

218 ترجمہ کریں۔ انما بعثت معلما

جواب: ترجمہ۔ بے شک مجھے استاد بنا کر بھیجا گیا ہے۔

219۔ مسجد کی اہمیت پر چار سطریں لکھیں۔

جواب: مسجد اسلامی زندگی کا ایک ایسا محور ہے جس کے گرد مسلمانوں کی ساری زندگی کا پہلو گردش کرتا ہے اور اس کے بغیر اسلامی زندگی کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔ مسجد میں پانچ وقت اذان دی جاتی ہے اور اذان اسلامی شعائر میں سے ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے بے شک مسجدیں صرف اللہ کے لیے ہیں اس لیے ان میں اللہ کے سوا کسی کو نہ پکارو۔

220 سعودی عرب کی چار مشہور مساجد کے نام لکھیں۔

جواب　ا۔ خانہ کعبہ　۲۔ مسجد نبوی　۳۔ مسجد قبلتین　۴۔ مسجد قبا

221 امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی وضاحت کریں۔

جواب: امر بالمعروف کا مطلب نیکی کا حکم کرنا اور نہی عن المنکر برائی سے روکنا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے اور تم میں سے ایک ایسی جماعت ہونی چاہیے جو نیکی کا حکم کرے اور برائی سے روکے۔ (القرآن)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



222 جہاد بالمال کی وضاحت کریں۔

جواب۔ دین اسلام کی نشر و اشاعت کیلئے مال صرف کرنا جہاد بالمال کہلاتا ہے۔ قرآن مجید میں ہے

بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور ہجرت کی اور اپنے مال و جان سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا۔ (الانفال 72)

223 دین حنیف کی وضاحت کریں۔

جواب: دین حنیف سے مراد ابراہیم کا دین ہے عرب کے لوگ اپنے آپ کو دین ابراہیم کے پیروکار کہتے ہیں مگر وہ عملی طور پر ابراہیم کے دین پر عمل نہیں کرتے قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا تم اپنے باپ ابراہیم کے دین پہ ہو۔

224 تمدن کی اصطلاحی تعریف کریں۔

جواب: لفظ تمدن سے مراد وہ باتیں ہیں جو Civilization میں شمار ہوتی ہیں مثلاً شائستہ ہونا۔ رہن سہن کے انداز۔ قواعد ضوابط شخصی زندگی، اجتماعی حقوق و فرائض بجالانے کے قوانین وغیرہ تمدن کہلاتی ہے۔

225 ترجمہ کریں۔ كونوا عباد الله اخوانا

جواب: ترجمہ۔ اللہ کے بندو آپس میں بھائی بھائی بن جاؤ۔

226 اسلام میں تعلیم نسواں کی اہمیت بیان کریں۔

جواب: اسلام نے عورتوں کی تعلیم پر بہت زور دیا ہے مرد و عورت تعلیم حاصل کرنے میں برابر ہیں ارشاد نبویؐ ہے علم حاصل کرنا مرد و عورت پر فرض ہے۔

227 قوم اور امت میں فرق بیان کریں۔

جواب: امت میں تمام افراد کے عقائد یکساں ہوتے ہیں وہ ایک ہی مذہب کو ماننے والے ہوتے ہیں جبکہ قوم کے تمام افراد کے عقائد ایک جیسے نہیں ہوتے امت کا تعلق مذہب کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور قوم کا تعلق وطن کے ساتھ ہوتا ہے۔

228 جہاد اکبر کی وضاحت کریں۔

جواب: جہاد اکبر ایسا جہاد جو اپنی خواہشات کے خاتمہ کیلئے ہو اسے جہاد بالنفس بھی کہتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا بہترین جہاد یہ ہے کہ تم اللہ کے لیے اپنے نفس اور اپنی خواہشات کے خلاف جہاد کرو۔

229 روزے کے چار فوائد لکھیں۔

جواب: ۱۔ باہمی محبت ۲۔ ہمدردی کا جذبہ ۳۔ صبر و تحمل ۴۔ قرب خداوندی

230 زوجین سے کیا مراد ہے؟

جواب: زوجین تثنیہ ہے زوج کا اور زوج کے معنی ہیں جوڑا شوہر یا بیوی اور زوجین کا مطلب ہے جوڑا یعنی میاں بیوی۔

231۔ الخلق عيال الله کا ترجمہ لکھیں۔

جواب۔ ترجمہ۔ ساری کی ساری مخلوق اللہ کا کنبہ ہے۔

232 اچھے استاد کی خوبیاں بیان کریں۔

جواب: ۱۔ اعلیٰ اخلاقی نمونہ ہو۔ ۲۔ قول و فعل میں تضاد نہ ہو۔ ۳۔ جسمانی سزا سے گریز کرنے والا ہو۔
۴۔ علم و فنون میں مہارت ہو۔

233 تبلیغ کی اہمیت پر حدیث لکھیں۔

جواب: تم میں سے جو کوئی بھی برائی کو دیکھے تو اسے اپنے ہاتھ سے روکے اور اگر ایسا نہ کر سکے تو پھر زبان سے روکے اور یہ بھی ممکن نہ ہو تو اسے دل میں برا سمجھے۔

234۔ سونے اور چاندی کا نصاب زکوٰۃ لکھیے

جواب: سونا - ساڑھے سات تولے
چاندی - ساڑھے باون تولے

235۔ ترجمہ کریں۔ خير الناس من ينفع الناس

جواب: ترجمہ۔ لوگوں میں سے بہتر وہ ہے جو دوسرے لوگوں کو نفع دے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

236 حقوق اللہ اور حقوق العباد میں فرق بیان کریں۔

جواب۔ حقوق اللہ سے مراد اللہ تعالیٰ کے حقوق ہیں جبکہ حقوق العباد سے مراد بندوں کے حقوق ہیں۔

237 اسلام کے دو ابتدائی مدارس کے نام لکھیں۔

جواب: ۱۔دارارقم ۲۔صفہ

238 حدیث کے مطابق جنتی عورت کے بارے میں چار سطریں لکھیں۔

جواب: حضورﷺ نے فرمایا شوہر کی فرمانبرداری کرنے والی جنتی عورت ہے اور شوہر کی نافرمانی کرنے والی جہنمی عورت ہے۔

239۔ اسلامی ریاست میں حق ملازمت کی وضاحت کریں۔

جواب: اسلامی ریاست میں رہنے والے تمام افراد کی روزگار کی فراہمی کا بندوبست کرنا اسلامی ریاست پر لازم ہے رنگ نسل، زبان اور مذہب کا فرق روا رکھے بغیر تمام لوگوں پر روزگاری کی فراہمی کا بندوبست کرنا لازمی فریضہ ہے۔

240 چار اچھے اخلاق تحریر کریں۔

جواب: ۱۔دیانت ۲۔صدق ۳۔عدل ۴۔ایفائے عہد

241 ہمسایہ کی چار ذمہ داریاں تحریر کریں۔

جواب: ۱۔مالی اعانت ۲۔ایذا رسانی سے گریز ۳۔چوری سے اجتناب ۴۔جنازے میں شرکت

242 تبلیغ کے لغوی و اصطلاحی معنی لکھیے۔

جواب۔ تبلیغ کا مصدر بلغ ہے اس کے لغوی معنی آخری منزل تک پہنچا دینا اچھی طرح پہنچا دینا۔ جبکہ اصطلاح میں اللہ تعالیٰ کے پیغام کو اچھے اور واضح طریقے سے اس کے بندوں تک پہنچا دینا ہے۔

243 امت مسلمہ کی امتیازی خصوصیت لکھیں۔

جواب: ۱۔اعتدال پسند ۲۔صداقت ۳۔عالمگیر امت ۴۔اخوت و مساوات کی حامل امت ۵۔انعام یافتہ امت

244 شاگرد کے فرائض واضح کریں۔

جواب: ۱۔اطاعت و فرمانبرداری ۲۔خدمت ۳۔بے کار سوالات سے گریز ۴۔تنقید سے گریز

245 تقویٰ کی تعریف اور اس کے فوائد تحریر کریں۔

جواب: تقویٰ سے مراد پرہیزگاری ہے۔ جبکہ تقویٰ سے مراد دل کی اس کیفیت کا نام ہے جو انسان کو نیکی کی طرف راغب کرتی ہے اور برائی سے روکتی ہے۔

تقویٰ کے فوائد:

1۔ خیر و شر میں تمیز کا مسئلہ
2۔ مشکلات کا آسان ہونا
3۔ غیر متوقع رزق
4۔ اہل تقویٰ کے لیے جنت اور اجر عظیم

246۔ اسلامی ریاست کے فرائض اور ذمہ داریاں بیان کریں۔

جواب۔1۔ شہریوں کے بنیادی حقوق کی حفاظت کرنا۔
2۔ عدل و انصاف کا قیام
3۔ مکمل اسلامی نظام کا نفاذ
4۔ بیت المال کا صحیح استعمال

## 2018

247۔ بیوی کے دو فرائض:

جواب۔ (i) اطاعت (ii) مال کی حفاظت (iii) عزت کی حفاظت

248۔ امت کی دو اقسام:

جواب۔ (i) امت محمدیہ (ii) امت اجابت

249۔ ترجمہ کریں۔ انما المومنون اخوۃ

جواب۔ترجمہ: بے شک ایمان والے آپس میں بھائی بھائی ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



**250۔ جہاد کے دو مقاصد:**

جواب۔ ملت اسلامیہ کا غلبہ (ii) کمزور اور مظلوموں کی مدد

**251۔ ترجمہ کریں: ان اکرمکم عنداللہ اتقکم**

جواب۔ ترجمہ: بے شک تم میں سب سے زیادہ اللہ کے نزدیک وہ ہے جو متقی ہے۔

**252۔ شکر کا لغوی اور اصطلاحی معنی تحریر کریں۔**

جواب۔ عربی زبان میں اس کے معنی احسان ماننا، اصطلاحی معنی میں شکر سے مراد اللہ تعالیٰ کے لاتعداد اور لامحدود احسانات اور انعامات کی قدر کرنے کا نام شکر ہے۔

**253۔ الجنۃ تحت اقدام الامہات**

جواب۔ جنت ماؤں کے قدموں تلے ہے۔

**254۔ اسلامی نقطہ نظر سے تعلیم کے دو مقاصد لکھیے۔**

جواب۔ (1) اللہ تعالیٰ کی پہچان (2) کائنات کا شعور

**255۔ والدین کے دو فرائض تحریر کریں۔**

جواب۔ (1) زندگی کا تحفظ (2) ضروریات زندگی کی فراہمی

**256۔ اسلامی ریاست کا مفہوم تحریر کریں۔**

جواب۔ ایسی ریاست جو اپنی ریاست کو چلانے کے لئے اسلامی نظریہ اور اسلامی نظریات سے مدد لے اور اس میں قرآن وسنت کی بالادستی ہو۔

**257۔ صبر سے متعلق دو احادیث کا ترجمہ لکھیں۔**

جواب۔ 1۔ صبر نصف ایمان ہے۔

2۔ صبر میری چادر ہے۔

**258۔ احسان کے بارے میں ایک آیت کا ترجمہ تحریر کیجئے۔**

جواب۔ آیت: ان اللہ یامر بالعدل والاحسان

ترجمہ: بے شک اللہ عدل و احسان کا حکم دیتا ہے۔

**259۔ پہلی وحی کی آیات تحریر کریں۔**

جواب۔ اقراء باسم ربک الذی خلق ٥ خلق الانسان من علق ٥ اقراء وربک الاکرم٥ الذی علم بالقلم٥ علم الانسان مالم یعلم ٥

**260۔ مسجد کے معنی اور اسلام کی پہلی تعمیر کردہ مسجد کا نام تحریر کریں۔**

جواب۔ مسجد کے معنی سجدہ گاہ، سجدہ کرنے کی جگہ

اور اسلام کی سب سے پہلی مسجد کا نام مسجد قبا ہے۔

**261۔ عدل کے لغوی اصطلاحی معنی بیان کریں۔**

جواب۔ عدل کا لغوی معنی برابری، سیدھا کرنا، توازن قائم کرنا۔ شرعی اصطلاح میں اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر شخص کے ساتھ بلا کسی رعایت کے معاملہ کرنا جس کا وہ حقدار ہو۔

**262۔ تبلیغ کی اہمیت پر آیت قرآنی کا ترجمہ لکھیں۔**

جواب۔ ترجمہ: اور تمہارے اندر ایک ایسی جماعت ہو جو لوگوں کو نیکی کی طرف بلائے اور برائی سے منع کرتی رہے۔

(ال عمران-140)

**263۔ نماز کے انسانی زندگی پر دو اثرات لکھیے۔**

جواب۔ (1) قرب الٰہی (2) مساوات

**264۔ عفو کی ایک مثال اسوہ رسول ﷺ سے بیان کریں۔**

جواب۔ (1) فتح مکہ کے موقع پر آپ ﷺ نے تمام لوگوں کے لئے عام معافی کا اعلان کر دیا۔

(2) طائف والوں کی بدسلوکی پر ان کو معاف کروایا۔

**265۔ قرآن مجید رشتہ داروں کے لئے دو الفاظ تحریر کریں۔**

جواب۔ (1) اولوالارحام (2) ذوی القربیٰ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


## حل شدہ مختصر سوالات حصہ دوم (بورڈ پیپرز 2011-2018)

1۔ عرب مستعربہ کا تعارف کروائیں۔

جواب۔ عرب مستعربہ سے مراد بنو اسماعیل ہیں یعنی حضرت اسماعیلؑ کی وہ اولاد جو حجاز میں آباد تھی انہیں بنو عدنان بھی کہا جاتا ہے ظہور اسلام کے وقت بنو قحطان اور بنو اسماعیل جن کو عدنانی قبائل کہا جاتا ہے ملک کے اصل باشندے تھے۔

2۔ عرب کے چار مشہور بت کونسے ہیں؟

جواب۔ لات، منات، ہبل، عزیٰ۔

3۔ بیعت عقبیٰ اولیٰ سے مراد ہے؟

جواب۔ بیعت عقبیٰ اولیٰ سے مراد یہ ہے کہ 12 نبوی میں عقبہ کے مقام پر ایام حج میں مدینہ منورہ سے کچھ اشخاص جو قبیلہ بنو خزرج سے تعلق رکھتے تھے۔ انہوں نے آپ ﷺ کے ہاتھوں اسلام قبول کیا اور یہ تعداد میں 12 تھے۔

4۔ میثاق مدینہ کی دو شرائط لکھیں۔

جواب۔ مدینہ کے تمام قبائل امن سے رہیں گے اور امن قائم رکھنے میں سب لوگ برابر کے شریک ہوں گے
کسی بیرونی حملہ کی صورت میں سب مل کر دشمن کا مقابلہ کریں گے۔
کوئی فریق دوسرے فریق کو نقصان نہیں پہنچائے گا۔

5۔ زمانہ قبل از اسلام حضرت صدیق اکبرؓ کا کیا نام تھا؟

جواب۔ آپؓ کا نام عبدالکعبہ تھا جسے آپ ﷺ نے بدل کر عبداللہ رکھ دیا۔

6۔ حرب فجار سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ 586ء میں جب آپ ﷺ کی عمر مبارک 15 سال تھی تو قریش اور قبیلہ قیس میں جنگ شروع ہوگئی چونکہ یہ لڑائی حرمت والے مہینوں میں ہوئی تھی اور حرمت والے مہینوں (ذی قعدہ، ذوالحجہ، محرم، رجب) میں دین ابراہیم کے مطابق لڑنا ممنوع تھا اس لیے اس کو حرب فجار کہا جاتا ہے۔

7۔ نجاشی بادشاہ کا اصل نام کیا تھا؟

جواب۔ اصحمہ یا اصحمہ تھا اور لقب نجاشی تھا۔

8۔ مدینہ میں کون کونسے یہودی قبائل آباد تھے؟

جواب۔ بنو نضیر، بنو قریظہ اور بنو قینقاع

9۔ جنگ احد سے مسلمانوں کو کیا درس ملا؟

جواب۔ غزوہ احد سے مسلمانوں نے یہ سبق حاصل کیا کہ فرمان نبوی ﷺ پر عمل کرنا انتہائی ضروری ہے۔ مال غنیمت کا لالچ نہ کیا جائے۔
ابوبکر صدیقؓ سے شروع ہو سیدنا حضرت امام حسنؓ کی جانشینی تک ختم ہوا۔

10۔ عربوں کے دو مشہور بتوں کے نام لکھیں۔

جواب۔ لات، عزیٰ، مناۃ، ہبل، اساف، نائلہ وغیرہ۔

11۔ احمد کے معنی تحریر کریں۔

جواب۔ احمد کے معنی بہت زیادہ تعریف کرنے والا۔

12۔ فترت وحی سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ فترت کا معنی و مطلب رک جانا اور فترت سے مراد وہ زمانہ جس میں وحی کا نزول رک جائے۔

13۔ ہجرت مدینہ کے اسباب لکھیں۔

جواب۔ اہل مکہ کی ہٹ دھرمی، ظلم و ستم، اہل مدینہ کی دعوت، آپ ﷺ کے قتل کا منصوبہ اسباب میں شامل تھا۔

14۔ قبیلہ اوس اور خزرج کے سرداروں کے نام لکھیں۔

جواب۔ اوس کے سردار کا نام حضرت سعد بن زرارہؓ اور خزرج کے سردار کا نام حضرت سعد بن عبادہؓ تھا۔

15۔ غزوہ احد میں شہید ہونے والے دو صحابہ کرامؓ کے نام لکھیں۔

جواب۔ حضرت حمزہؓ، حضرت عبداللہ بن جبیرؓ، حضرت مصعب بن عمیرؓ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


16- غزوہ بدر میں قتل ہونے والے دو کفار کے نام لکھیں۔
جواب- ابوجہل، عتبہ، شیبہ، ولید۔

17- خطبہ حجۃ الوداع کب اور کہاں ہوا؟
جواب- یہ خطبہ 10 ہجری کو میدان عرفات میں ہوا۔

18- قبل از اسلام اہل عرب کی کوئی سی دو خوبیوں کی وضاحت کیجئے۔
جواب- اہل عرب قبل از اسلام بہت مہمان نواز تھے حتیٰ کہ مفلس اور تنگ دست کے پاس بھی اگر کوئی مہمان چلا جاتا تو وہ اس کے لئے اپنی اونٹنی ذبح کر دیتا تھا۔
عرب میں وہ شخص بہت معزز سمجھا جاتا تھا جس کے یہاں مہمانوں کے لئے ہر وقت آگ جلتی رہتی یہ لوگ خود تو پیاس برداشت کر لیتے مگر اپنے مہمانوں کی تواضع میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھتے تھے۔

19- کونسا واقعہ فتح مکہ کی وجہ بنا؟
جواب- صلح حدیبیہ کا ختم ہونا۔

20- عام الحزن سے کیا مراد ہے؟
جواب- اس کا مطلب ہے غم کا سال، دس نبوی میں حضور ﷺ کی زوجہ محترمہ حضرت خدیجہؓ اور چچا ابو طالب وفات پا گئے تھے اس سے آپ کو بہت صدمہ ہوا۔ اسی لیے اس کو عام الحزن کہا جاتا ہے۔

21- میثاق مدینہ کے دو نکات بیان کیجیے۔
جواب- کوئی فریق دوسرے کو نقصان نہیں پہنچائے گا، بیرونی حملے کا سب مل کر دفاع کریں گے، تمام جھگڑوں کا فیصلہ رسول پاک ﷺ کریں۔
آپ کو حاکم تسلیم کیا گیا۔

22- غزوہ خندق کے دو اثرات لکھیں۔
جواب- قریش مکہ اور کفار کی قوت ٹوٹ گئی۔
مسلمانوں کا نصرت الٰہی پر یقین غالب آ گیا۔
مسلمانوں کا رعب و دبدبہ ارد گرد کے قبائل پر ہوا۔

23- غزوہ احد کے دو اسباب لکھیں۔
جواب- مقتولین بدر کا انتقام لینا، عزت کی بحالی، کچھ تجارتی مفادات ابوسفیان کی غارت گری یہودیوں کی سازش، حضورؐ کے قتل کی ناکام کوشش۔

24- صلح حدیبیہ کا معاہدہ کیوں ٹوٹا؟
جواب- صلح حدیبیہ کی وجہ سے دو قبائل بنو بکر اور بنو خزاعہ کو ہر فریق اپنے ساتھ ملا سکتا تھا چنانچہ بنو بکر نے قریش مکہ کا اور بنو خزاعہ نے مسلمانوں کے ساتھ معاہدہ کیا، قریش مکہ نے صلح حدیبیہ کی خلاف ورزی اور بنو بکر کے ساتھ مل کر بنو خزاعہ پر شب خون مارا ان کو قتل کیا یہ معاہدے کی سر خلاف ورزی تھی یہ معاہدہ ٹوٹنے کی اصل وجہ تھی۔

25- صلح حدیبیہ کے دو نتائج لکھیں۔
جواب- فتح مبین کی بشارت، مسلمانوں کی سیاسی حیثیت، جنگ بندی

26- فتح مبین کس معاہدہ کو کہا گیا ہے؟ وجہ تحریر کریں۔
جواب- صلح حدیبیہ کو فتح مبین کہا جاتا ہے۔ کہ اس صلح سے مشرکین مکہ مکمل طور پر ایک طور ہو گئے مسلمانوں کو نہ صرف تبلیغ اسلام بلکہ جہاد کے ذریعے اطراف عالم میں اسلام پھیلانے کا موقع ملا کہ صلح حدیبیہ کے بعد فتح خیبر، فتح مکہ، فتح حنین، فتح تبوک اور دیگر فتوحات کیلئے دروازے کھل گئے تو اس سے بڑی فتح مبین کیا ہوگی۔

27- حضرت انسؓ نے آپ ﷺ کے اخلاق کے بارے میں کیا کہا تھا؟
جواب- حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول پاک ﷺ کی دس سال تک خدمت کی پس آپؐ نے نہ تو مجھے ڈانٹا اور نہ جھڑکا اور نہ ہی کبھی مجھے گالی دی اور میں بچپن میں آپؐ کے گھر کا سودا سلف لینے بازار جاتا تھا اور راستہ میں بچوں کو کھیلتا دیکھ کر ان کے ساتھ کھیلنے لگ جاتا تھا۔ آپ ﷺ تشریف لاتے اور مجھے پیار و محبت کے ساتھ کہتے کہ انس آپ نے سودا لے لیا تو میں بازار کی طرف چلا جاتا تھا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



28۔ غزوہ تبوک کے نتائج لکھیں۔

جواب۔ غزوہ تبوک کو اگرچہ غزوہ عسرت یعنی تنگی و مشکل ترین وقت کا غزوہ کہا جاتا ہے اس غزوہ میں مسلمانوں کو اللہ نے فتح سے ہمکنار کیا اس کے درج ذیل اثرات مرتب ہوئے۔

☆ قبائل عرب اس سے بہت زیادہ مرعوب ہوئے

☆ یہ غزوہ فتح شام کا پیش خیمہ ثابت ہوا

☆ دومتہ الجندل میں اسلامی حکومت کا اثر و رسوخ کا ہونا۔

☆ منافقین کا سدباب کر دیا گیا۔

29۔ ظہور اسلام سے قبل کے عربوں کی چار بڑی خوبیاں لکھیے۔

جواب۔ اسلام سے قبل عرب میں مختلف صفات تھیں۔ دلیری، بہادری، کھرا پن، سادگی، مہمان نوازی وغیرہ

30۔ حضرت محمد ﷺ کے نام احمد اور محمد کس نے رکھے؟

جواب۔ آپ ﷺ کے دادا نے آپ ﷺ کا نام محمد ﷺ رکھا۔ اور آپ ﷺ کی والدہ نے آپ ﷺ کا نام احمد رکھا۔

31۔ ورقہ بن نوفل کے بارے میں مختصر بتائیے۔

جواب۔ ورقہ بن نوفل حضرت خدیجہؓ کے چچازاد تھے۔ اور انجیل کے بہت بڑے عالم تھے جب آپ ﷺ کے پاس پہلی وحی آئی تو حضرت خدیجہؓ آپ ﷺ کو ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں اور انہوں نے آپ ﷺ کو نبوت کی بشارت دی۔

32۔ مکی دور کے چار اہم واقعات لکھیں۔

جواب۔ ☆ ہجرت حبشہ ☆ سفر طائف ☆ واقعہ معراج ☆ شعب ابی طالب محصوری ☆ حضرت خدیجہؓ اور ابو طالب کی وفات

33۔ بنو ہاشم سے مقاطعہ کی دو وجوہات لکھیے۔

جواب۔ جب قریش مکہ کی اذیتوں کا آپ ﷺ نے کوئی اثر نہ لیا تو قریش مکہ نے حضور ﷺ کو دعوت اسلام سے باز رکھنے اور تکلیف دینے کی غرض سے اور ہر قسم کے معاشرتی تعلقات ختم کرنے کے لیے پورے بنو ہاشم سے بائیکاٹ کر لیا۔ اور ایک معاہدہ خانہ کعبہ پر لٹکا دیا۔ جس کی وجہ سے آپ ﷺ بمعہ اپنے خاندان کے ایک گھاٹی میں رہنے پر مجبور ہو گئے۔

34۔ سفر طائف مختصر بیان کیجیے۔

جواب۔ شوال 10 نبوی میں رسول اکرم ﷺ ایک دن اہل طائف کو اسلام کی دعوت دینے کے لیے تشریف لے گئے آپ ﷺ کے ساتھ حضرت زیدؓ بن حارث تھے تو اہل طائف کے سرداروں نے بازاری غنڈے اور بچے آپ ﷺ کے پیچھے لگا دیے جو آپ ﷺ پر پتھر برساتے جس سے آپ ﷺ کا جسم مبارک لہولہان ہو گیا اور جوتے مبارک خون سے بھر گئے۔

35۔ یہودی کون تھے یہودی قبائل کے نام لکھیے۔

جواب۔ یہودی بنی اسرائیل سے تعلق رکھنے والے حضرت موسیٰ کے پیروکار تھے اور حضرت یعقوبؑ کے بڑے بیٹے یہودا کی طرف نسبت کر کے ان کو یہودی کہا جاتا ہے۔

36۔ مواخات سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ مواخات اخوۃ سے مراد بھائی چارہ۔ مکہ معظمہ سے مسلمان بے سروسامانی کی حالت میں مدینہ طیبہ پہنچے تھے رسول اللہ ﷺ نے ایک ایک مہاجر کو ایک ایک انصاری کا بھائی بنا دیا اور انصار صحابہؓ نے بھی جانثاری کا ثبوت دیا، تاریخ میں یہ روحانی بھائی چارہ مواخات مدینہ کہلاتا ہے۔

37۔ میثاق مدینہ سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ ہجرت مدینہ کے بعد رسول اللہ ﷺ نے یہود کے تین قبائل، مہاجرین اور انصار کو جمع فرمایا اور ایک معاہدہ تیار کروایا جسے میثاق مدینہ کہتے ہیں۔

38۔ غزوہ کی تعریف کریں۔

جواب۔ غزوہ اس لڑائی کو کہتے ہیں جس میں آپ ﷺ نے شرکت فرمائی ہو۔

39۔ غزوہ خندق کے آغاز سے پہلے خندق کھودنے کا مشورہ کس نے دیا اور یہ خندق کیوں کہلاتا ہے؟

جواب۔ حضرت سلمان فارسیؓ کی تجویز پر کھلی سمت میں خندق کھودنے کا فیصلہ ہوا۔ اس خندق کی لمبائی تقریباً تین چار میل تھی اور چوڑائی اتنی کہ گھوڑے نہ پھلانگ سکیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



40- صلح حدیبیہ کی شرائط لکھیں۔

جواب۔ ☆ اس سال مسلمان بغیر عمرہ کیے واپس چلے جائیں۔

☆ اگلے سال بغیر کسی ہتھیار کے عمرہ کرنے کے لیے آئیں گے۔

☆ دس سال تک فریقین کے درمیان جنگ بندی ہے کہ کوئی دوسرے پر حملہ نہ کرے گا۔

41- فتح مکہ کے دو نتائج لکھیے۔

جواب۔ ☆فتح اسلام ☆تطہیر کعبہ ☆ سیادت کا مرکز

42- ترجمہ لکھیے۔ لقد كان لكم في رسول الله اسوة حسنة

جواب۔ درحقیقت تم لوگوں کیلئے اللہ کے رسول ﷺ میں ایک بہترین نمونہ ہے۔

43- عرب کے باشندوں کی دو بڑی اقسام تحریر کریں۔

جواب۔ عرب عاربہ، عرب بائدہ، عرب مستعربہ

44- عربوں کی دو معاشرتی خرابیاں بیان کریں۔

جواب۔ عرب اسلام سے قبل جاہلیت کی خرابیوں میں مبتلا تھے۔ مثلاً اولاد کشی (بیٹیوں کو زندہ در گور کر دینا)، زنا، شراب نوشی، جوا بازی، قمار بازی، سودی کاروبار کا عروج، علم سے دوری، جہالت اور گنوار پن، عورت کا معاشرہ میں بدترین مقام، حصول اولاد کا ناجائز طریقہ، غلاموں سے بدسلوکی وغیرہ وغیرہ

45- سب سے پہلے اسلام لانے والے دو افراد کے نام تحریر کیجیے۔

جواب۔ حضرت خدیجہؓ، حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت علیؓ، حضرت زید بن حارثہؓ، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ وغیرہ

46- عام الحزن سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ اس کا مطلب ہے غم کا سال، دس نبوی میں حضور ﷺ کی زوجہ محترمہ حضرت خدیجہؓ اور چچا ابو طالب وفات پا گئے تھے اس سے آپ کو بہت صدمہ ہوا۔ اسی لیے اس کو عام الحزن کہا جاتا ہے۔

47- حضور ﷺ نے مہاجرین کے مسائل کو کس طرح حل کیا؟

جواب۔ آنحضرت ﷺ نے مواخات مدینہ کے ذریعے انصار و مہاجرین کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا جس سے ان کے معاشی اور معاشرتی مسائل حل ہوئے۔

48- اسلام سے قبل عربوں کی اخلاقی حالت کیا تھی؟

جواب۔ اسلام سے قبل عرب کے لوگوں میں دو طرح کی اخلاقی حالت تھی۔ ایک اخلاق حمیدہ جن میں مہمان نوازی، ایفائے عہد، شجاعت و بہادری وغیرہ۔ دوسری حالت اخلاق رذیلہ کی تھی جن میں قتل و غارت، چوری، شراب نوشی، دختر کشی، سود خوری وغیرہ شامل ہیں۔

49- اسلام کے پہلے شہید مرد اور عورت کا نام لکھیے۔

جواب۔ حضرت خدیجہؓ کے بیٹے حارث بن ابی ہالہؓ، حضرت یاسرؓ اور خاتون حضرت سمیہؓ ہیں۔

50- قریش مکہ کی مخالفت کے اسباب بیان کیجیے۔

جواب۔ بت پرستی کی مخالفت، نسلی تفاخر کی مذمت، تجارتی مفادات پر زد، قبائلی نظام کا خاتمہ، جاہلیت کی رسم و رواج پر تنقید

51- ہجرت مدینہ کے دو اسباب لکھیے۔

جواب۔ اہل مکہ ہٹ دھرمی، ظلم و ستم، اہل مدینہ کی دعوت، آپ ﷺ کے قتل کا منصوبہ اسباب میں شامل تھا۔

52- غزوہ بدر کے دو نتائج لکھیے۔

جواب۔ مسلمانوں کا حوصلہ بڑھنا، دشمنان اسلام کا قتل، فتح کا مدار، قیدیوں سے حسن سلوک۔

53- غزوہ خندق میں مسلمان کی فتح کے دو اسباب لکھیے۔

جواب۔ ☆ نصرت خداوندی (آندھی اور طوفان کا آجانا)

☆ خندق کو پار نہ کر سکنا ☆ لشکر کفار میں بدگمانی

54- بنو خزاعہ کی مدد کی درخواست پر رسول کریم ﷺ نے اہل مکہ کو کیا شرائط پیش کیں۔

جواب۔ ☆ مقتولین کو خون بہا ادا کیا جائے ☆ قریش بنو بکر کی امداد سے دست بردار ہو جائیں

☆ یا پھر صلح حدیبیہ کے منسوخ ہونے کا اعلان کر دیا جائے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



55- حضور اکرم ﷺ کے اخلاق کے دو نمایاں پہلو لکھیے۔
جواب۔ ☆ قرآن پاک میں ہے کہ آپ اعلیٰ اخلاق پر فائز ہیں
☆ حدیث میں ہے کہ مجھے اعلیٰ اخلاق کی تکمیل کیلئے بھیجا گیا۔

56- حضور اکرم ﷺ کے دو ازواج کے نام لکھیے۔
جواب۔ حضرت خدیجہؓ، حضرت عائشہؓ

57- اسلام سے قبل عربوں کے دو مشہور بتوں کے نام لکھیے۔
جواب۔ لات، منات، عزیٰ، ہبل، اساف، نائلہ وغیرہ

58- پہلی وحی کی دو آیات لکھیے یا اس کا ترجمہ لکھیے۔
جواب۔ پڑھیے اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا۔ انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا۔ پڑھیے آپ کا رب بڑا کرم والا ہے جس نے قلم سے تعلیم دی اور انسان کو سکھایا جو وہ نہیں جانتا تھا۔

59- غزوہ احد میں منافقین نے مسلمانوں کو کیسے نقصان پہنچایا؟
جواب۔ منافقین کا سردار عبداللہ بن ابی منافق اپنے تین سو ساتھیوں کو لیکر عین لڑائی کے وقت یہ کہہ کر الگ ہو گیا کہ ہماری بات نہیں مانی گئی اس کے خیال میں مسلمانوں کو شکست فاش ہو گی اور مشرکین مکہ تھوڑی جماعت کو آسانی سے قتل کر دیں گے جبکہ اس سے مسلمانوں میں جز وقتی بددلی پیدا ہوئی لیکن انہوں نے اعصاب پر قابو رکھا اور فتح سے ہمکنار ہوئے۔

60- حلف الفضول سے کیا مراد ہے؟
جواب۔ نبی کریم ﷺ نے اس معاہدے میں شرکت کی، معاہدے کو حلف الفضول اس لیے کہا جاتا ہے کہ اس معاہدے میں تین فضل نام کے سرداروں کی شرکت تھی جن کی وجہ سے اس کو حلف الفضول کہا جاتا ہے۔
معاہدے کی اہم دفعات یہ تھیں۔
☆ ہم ہر مظلوم کی مدد کریں گے چاہے وہ کہیں کا ہو۔
☆ ہم یتیموں اور بیواؤں کی خبر گیری کریں گے۔
☆ ہم لڑائی جھگڑوں سے گریز کریں گے۔

61- ترجمہ لکھیے۔　ما انا بقاری
جواب۔ ترجمہ: میں پڑھنا نہیں جانتا

62- صلح حدیبیہ کا معاہدہ کیوں ٹوٹا؟
جواب۔ صلح حدیبیہ کی وجہ سے دو قبائل بنو بکر اور بنو خزاعہ کو ہر فریق اپنے ساتھ ملا سکتا تھا چنانچہ بنو بکر نے قریش مکہ کا اور بنو خزاعہ نے مسلمانوں کے ساتھ معاہدہ کیا، قریش مکہ نے صلح حدیبیہ کی خلاف ورزی کی اور بنو بکر کے ساتھ مل کر بنو خزاعہ پر شب خون مارا ان کو قتل کیا یہ معاہدے کی سراسر خلاف ورزی تھی یہ معاہدہ کی اصل وجہ تھی۔

63- ہجرت مدینہ میں سراقہ کا واقعہ مختصر بیان کریں۔
جواب۔ ہجرت مدینہ کے راستہ میں سراقہ نے پیچھا کیا تو اس کی نظر حضور ﷺ پر پڑ گئی اس نے سمجھا کہ کامیاب ہو گیا۔ اتنے میں گھوڑا گھٹنوں کے بل گرا سراقہ نیچے آیا، اٹھا، گھوڑے کو سنبھالا سوار ہوا پھر چلا۔ آپ ﷺ کو پہنچنے کی اطلاع ملی آپ ﷺ نے فرمایا! الٰہی ہمیں اس کے شر سے بچا فوراً سراقہ کے گھوڑے کے سم زمین میں دھنس گئے اور سراقہ سمجھ گیا کہ حفاظت الٰہی پر غالب آنا محال ہے۔ اس نے جان کی امان مانگی جو اسے دی گئی۔

64- مواخات مدینہ کے کیا اثرات مرتب ہوئے، کوئی سے دو تحریر کیجیے۔
جواب۔ ☆ اسلامی ریاست کی ابتداء ☆ حضور ﷺ کو سربراہ تسلیم کیا گیا ☆ اشاعت اسلام میں ترقی

65- آپ ﷺ نے مسلمانوں کو پہلا جمعہ کب اور کہاں پڑھایا؟
جواب۔ آپ ﷺ نے 13 نبوی ﷺ کو مسلمانوں کو پہلا جمعہ بن سالم کے محلہ میں پڑھایا یہ قبا سے دور اور مدینہ منورہ کے راستے پر مقام ہے۔

66- غزوہ بدر میں قتل ہونے والے دو کفار کے نام تحریر کیجیے۔
جواب۔ ابوجہل، عتبہ، شیبہ اور ولید

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



67- امت وسط کی وضاحت کیجیے۔

جواب۔ قرآن مجید میں امت محمد ﷺ کی ایک خصوصی صفت یہ بیان ہوئی ہے کہ یہ اعتدال والی امت ہے جسے امت وسط کہا گیا ہے قرآن مجید میں ارشاد ہے کہ: وکذالک جعلنکم امت واسطاً

ترجمہ: اسی طرح ہم نے تمہیں درمیانی یعنی اعتدال پسند امت بنایا ہے۔

68- جہاد کا فلسفہ قرآن نے کیا بیان کیا ہے؟

جواب۔ قرآن کے مطابق جہاد فرض ہے فتنہ گری کے خاتمے کا ذریعہ ہے اللہ کے نزدیک مجاہدین کی بہت فضیلت ہے، شہادت حیات جاودانی ہے مجاہد خدا کا محبوب ہے۔ شہادت انبیاء کی آرزو رہی ہے۔ شہادت بخشش کا ذریعہ ہے، جہاد تمام دنیا اور اس کی لذتوں سے بہتر ہے۔

69- تبلیغ دین کے بارے میں ایک حدیث یا اس کا ترجمہ کیجیے۔

جواب۔ حجۃ الوداع کے موقع پر آپ ﷺ نے فرمایا

فلیبلغ الشاھد الغائب

ترجمہ: جو شخص حاضر ہے وہ اس تک یہ پیغام پہنچادے جو غیر حاضر ہے۔

70- عتبہ اور شیبہ کے قتل کے متعلق لکھیے۔

جواب۔ عتبہ اور شیبہ دونوں باپ بیٹا ہجرت مدینہ سے قبل رسول کریم ﷺ کو مکہ میں بہت تکلیفیں دیتے تھے سن 2 ہجری میں غزدہ بدر کے موقع پر یہ مبارزت کے لیے نکلے، ان کے مقابلے میں حضرت حمزہؓ اور حضرت علیؓ نکلے چنانچہ حضرت حمزہؓ نے عتبہ کو قتل کیا اور حضرت علیؓ نے شیبہ کو قتل کیا۔

71- صلح حدیبیہ کے وقت کے ایک کردار ابوجندلؓ کے بارے میں دو سطروں میں تعارف کروائیے۔

جواب۔ حضرت ابوجندلؓ، قریش کے ایک نمائندے سہیل بن عمرو کے بیٹے تھے معاہدہ پر دستخط ہونے سے پہلے ہی مسلمانوں سے جا ملے کفار نے کہا کہ یہ معاہدے کی خلاف ورزی ہے آپ ﷺ نے ابوجندلؓ کو واپس مکہ بھیج دیا اور انہیں تسلی دی۔

72- فتح مکہ کے موقع پر سعد بن عبادہؓ سے اسلامی پرچم کیوں لے لیا گیا؟

جواب۔ فتح مکہ کے موقع پر حضرت سعد بن عبادہؓ نے کہا اے ابوسفیان آج بدلہ کا دن ہے آج کے دن اللہ نے کعبۃ اللہ کو قتل کے لیے حلال کر دیا جب ابوسفیان نے سارا واقعہ حضور ﷺ کو بیان کیا تو آپ ﷺ نے حضرت سعدؓ سے ارشاد فرمایا کہ آج رحم و کرم کا دن ہے، آج بدلہ کا دن نہیں ہے۔ آج کعبۃ اللہ کی شرف و عظمت کا دن ہے پھر ان سے اسلامی پرچم لے کر ان کے صاحب زادے حضرت قیسؓ کے حوالے کر دیا۔

73- ظہور اسلام سے قبل عرب معاشرہ کی چار برائیاں لکھیں۔

جواب۔ اسلام سے پہلے عرب قتل و غارت میں اور جنگ و جدال میں مبتلا تھے وہ شراب نوشی بہت کرتے تھے زنا، قتل اور چوری ان کی گھٹی میں پڑی ہوئی تھی۔

74- پہلی وحی کے نزول کا واقعہ مختصراً لکھیے۔

جواب۔ آنحضرت محمد ﷺ کی عمر جب چالیس سال ہوئی آپ ﷺ غار حرا کی خلوتوں میں بیٹھے تھے جبریلؑ امین نمودار ہوئے اور آپ ﷺ سے کہا اقراء (پڑھیے) آپ ﷺ نے فرمایا مجھے پڑھنا نہیں آتا جبرائیلؑ نے آپ ﷺ کو سینے سے لگا کر بھینچا اور کہا پڑھیے انہوں نے وہی جواب دیا حضرت جبرائیلؑ نے آپ ﷺ کو تیسری بار پوری قوت سے سینے سے لگایا اور پڑھنے کے لیے عرض کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا! مجھے پڑھنا نہیں آتا کیسے پڑھوں؟ جبرائیلؑ نے آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ کا پیغام سورہ علق کی پانچ ابتدائی آیات کی صورت میں سنایا! آپ ﷺ نے بھی ان آیات کو جبرائیلؑ امین سے سن کر زبان مبارک سے پڑھا۔

75- اسلام سے قبل عربوں کی معاشی حالت لکھیں۔

جواب۔ اہل عرب زیادہ تر تجارت، گلہ بانی، زراعت اور صنعت و حرفت کے پیشے سے منسلک تھے۔

76- مسجد نبوی ﷺ کی تعمیر کے متعلق لکھیے۔

جواب۔ ہجرت مدینہ کے بعد آپ ﷺ نے باجماعت نماز کیلئے ایک مسجد کا ارادہ فرمایا، مدینہ میں حضرت ابوایوب انصاریؓ کے گھر کے ساتھ ایک قطعہ زمین دو یتیم بچوں سہل اور سہیل کی تھی آپ ﷺ نے ان سے خرید کر مسجد کی تعمیر شروع کی، مسجد کی پیمائش 60x70 ہاتھ رکھی گئی، اس کی دیواریں کچی اینٹوں سے بنائی گئیں، چھت کھجور کے تنوں اور پتوں سے بنائی گئی، فرش کچا تھا، بارش میں کیچڑ ہو جاتا تھا بعد میں فرش تعمیر ہوا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


77۔ اسلام سے قبل عرب معاشرہ کی چند بری رسومات لکھئے۔
جواب۔ عرب اسلام سے قبل جاہلیت کی خرابیوں میں مبتلا تھے اولاد کشی (بیٹیوں کو زندہ درگور کر دینا)، زنا، شراب نوشی، جوابازی، قمار بازی، سودی کاروبار کا عروج، علم سے دوری، جہالت اور گنوار پن، عورت کا معاشرہ میں بدترین مقام۔

78۔ غار ثور کی کیا اہمیت ہے؟
جواب۔ غار ثور مکہ سے چند میل دور ایک پہاڑی پر واقعہ ہے ہجرت مدینہ کے وقت نبی کریم ﷺ اور سیدنا صدیق اکبرؓ نے تقریباً تین دن اس غار میں قیام فرمایا۔

79۔ حضور ﷺ کے سفر شام کے بارے میں تحریر کیجیے۔
جواب۔ جب آپ ﷺ کی عمر مبارک کسب معاش کی ہوئی تو اس وقت آپ ﷺ نے خود تجارت کا راستہ اپنایا۔ نیک نیتی اور دیانت و صداقت کی وجہ سے بہت جلد ہی مشہور ہو گئے آپ ﷺ کو حضرت خدیجہؓ نے اپنا مال تجارت ملک شام بھیجنے کا کہا اور دو چند معاوضہ مقرر کیا۔ حضرت خدیجہؓ کے مال و تجارت کے ساتھ شام کا سفر کیا اس سفر میں سیدہ خدیجہؓ کا غلام میسرہ آپ ﷺ کے ہمراہ تھا آپ ﷺ نے وہاں تجارت میں خوب منافع کمایا واپسی پر غلام نے سیدہ خدیجہؓ کو سفر کا حال سنایا تو حضرت خدیجہؓ بہت متاثر ہوئیں تو آپ ﷺ کو پیغام نکاح بھجوایا۔

80۔ غزوہ خندق کو غزوہ احزاب کیوں کہا جاتا ہے؟
جواب۔ احزاب حزب کی جمع ہے جس کے معنی فوج یا گروہ کے ہیں چونکہ اس جنگ میں قبائلی عرب مختلف قبائل کو اکھٹے کر کے مسلمانوں کے خلاف لائے تھے اور ان سب کا مقصد مسلمانوں کو صفحہ ہستی سے مٹانا تھا اس لیے اس جنگ کو غزوہ احزاب کا نام دیا گیا ہے۔ اس کو غزوہ خندق بھی کہا جاتا ہے اس لیے کہ مسلمانوں نے سرزمین عرب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ مدینہ منورہ کے دفاع کے لیے خندق کھودی گئی اس وجہ سے غزوہ خندق کہا گیا ہے۔

81۔ غزوہ تبوک کے نتائج لکھیں۔
جواب۔ غزوہ تبوک کو اگرچہ غزوہ عسرت یعنی تنگی و مشکل ترین وقت کا غزوہ کہا جاتا ہے اس غزوہ میں مسلمانوں کو اللہ نے فتح سے ہمکنار کیا اس کے درج ذیل اثرات مرتب ہوئے۔
☆ قبائل عرب اس سے بہت زیادہ مرعوب ہوئے
☆ یہ غزوہ فتح شام کا پیش خیمہ ثابت ہوا
☆ دومۃ الجندل میں اسلامی حکومت کا اثر و رسوخ کا ہونا۔
☆ منافقین کا سدباب کر دیا گیا۔

82۔ آپ ﷺ نے فتح مکہ کے موقع پر کیا اعلان کیا؟
جواب۔ آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص ابوسفیان کے گھر داخل ہو جائے اور جو شخص اپنے گھر کا دروازہ بند کرے اور جو شخص حرم میں داخل ہو جا تو اسے امان دی جائے گی اس کے بعد آپؐ نے سب کے لیے عام معافی کا اعلان کیا۔

83۔ فتح مکہ کی دو وجوہات لکھیں۔
جواب۔ ☆ صلح حدیبیہ کا ختم ہونا
☆ مکہ مکرمہ کی مرکزی حیثیت بحال کرنا۔

84۔ آپ ﷺ کے اخلاق کے نمایاں پہلو لکھیں۔
جواب۔ صداقت، امانت، رحم، عفو و درگزر، صبر و استقامت، فقر و زہد، نرمی، انکساری، خوش مزاجی، ایفائے عہد، مساوات، شرم و حیا، شجاعت۔

85۔ حضرت صدیق اکبرؓ کے مالی نظام پر مختصر نوٹ لکھیں۔
جواب۔ حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ خلافت میں ذرائع آمدنی زکوٰۃ، عشر، جزیہ، خراج و مال، مال غنیمت تھے جو رقم ان ذرائع سے حاصل ہوتی تھی ملکی اخراجات کا حصہ نکال کر عوام کے اندر باقی تقسیم کر دی جاتی تھی اس کے لئے بیت المال کا قیام عمل میں لایا گیا۔

86۔ ہجرت مدینہ کا واقعہ مختصر لکھئے۔
جواب۔ جب کفار کا ظلم و ستم حد سے تجاوز کر گیا تو حق تعالیٰ شانہ کی طرف سے آپ ﷺ اور مسلمانوں کو مدینہ طیبہ ہجرت کا حکم ملا۔ آپ ﷺ نے سیدنا ابوبکر صدیقؓ کے ہمراہ ہجرت فرمائی۔

87۔ قریش مکہ کی مخالفت کے تین اسباب لکھیں۔
جواب۔ 1۔ بت پرستی کی مخالفت 2۔ نسلی تفاخر کی مذمت 3۔ تجارتی مفادات پر زور
4۔ قبائلی نظام کا خاتمہ 5۔ جاہلیت کی رسم و رواج پر تنقید

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



88۔ ہجرت مدینہ کے تین نتائج لکھیں۔

جواب۔ ہجرت مدینہ تاریخ اسلام کا عموماً اور عہد رسالت کا خصوصاً اہم ترین واقعہ ہے۔ہجرت کے بعد مسلمانوں کے لیے نئے دور کا آغاز ہوا۔ کیونکہ اس کے بعد تیرہ سالہ مصیبتوں کا دور ختم ہوا۔مسلمانوں کو سنہری موقعہ ملا کہ وہ اسلام کو عملی شکل میں پیش کریں۔

89۔ عام الحزن میں کن دو شخصیات نے وصال فرمایا۔

جواب۔ اس کا مطلب ہے غم کا سال،دس نبوی میں حضورﷺ کی بیوی حضرت خدیجہؓ اور چچا ابو طالب وفات پا گئے تھے اس سے آپ کو بہت صدمہ ہوا۔اسی لیے اس سال کو عام الحزن یعنی غم کا سال کہا جاتا ہے۔

90۔ لفظ عرب کا لغوی معنی اور مفہوم واضح کریں۔

جواب۔ عرب کے معنی "فصاحت اور زبان آوری" کے ہیں۔ایک رائے یہ بھی ہے کہ عرب عربہ سے ہے۔جس کے معنی سامی زبانوں میں دہشت صحرا کے ہیں۔چونکہ عرب کا بیشتر حصہ دشت وصحرا ہے اس لیے تمام ملک کو عرب کہا جانے لگا۔

91۔ کعبہ کی تعمیر نو کے وقت حجر اسود کی تنصیب پر ایک مختصر نوٹ لکھیں۔

جواب۔ جب خانہ کعبہ کو گرا کر از سر نو تعمیر کیا گیا تو حجر اسود کو نصب کرنے کا وقت آیا ہر سردار چاہتا تھا کہ حجر اسود کو وہ اپنے ہاتھ سے نصب کرے۔اس پر آپس میں جھگڑنے لگے مگر سمجھدار لوگوں کی مداخلت پر یہ فیصلہ ہوا کہ کل صبح سویرے جو شخص خانہ کعبہ میں داخل ہوا اسے ثالث تسلیم کر لیا جائے اگلے دن آنحضورﷺ ہی سب سے پہلے خانہ کعبہ میں تشریف لائے۔آپﷺ نے ایک چادر بچھا کر اس پر خود حجر اسود رکھا اور حکم دیا کہ ہر قبیلے کا سردار چادر پکڑ کر اٹھائے اس فیصلے پر سب خوش ہو گئے جب پتھر نصب کرنے کی جگہ کے قریب ہو گیا تو آپﷺ نے حجر اسود کو اپنے دست مبارک سے نصب کر دیا۔

92۔ غزوہ احد کے چار اسباب کیا تھے؟

جواب۔ مقتولین بدر کا انتقام لینا، عزت کی بحالی، کچھ تجارتی مفادات ابوسفیان کی غارت گری، یہودیوں کی سازش حضورؐ کے قتل کی ناکام کوشش۔

93۔ بنو قریظہ کو آپﷺ نے سخت سزا کیوں دی؟

جواب۔ بنو قریظہ کو ان کی بدعہدی کی وجہ سے سخت سزا دی گئی۔

94۔ غزوہ خیبر کے واقعات لکھیے۔

جواب۔ آنحضرتﷺ محرم 7ھ میں سولہ سو مجاہدین کے ساتھ مدینہ سے خیبر کی طرف روانہ ہوئے جن میں دو سو سوار تھے اور تین علم تھے جو حضرت علیؓ،حضرت خبابؓ اور سعد بن عبادہؓ کے ہاتھوں میں تھے۔بنو غطفان اسلامی لشکر کو دیکھتے ہی مرعوب ہو گئے اس لیے وہ یہود کی امداد سے منحرف ہو گئے۔خیبر پہنچ کر مسلمانوں نے سب سے پہلے ناعم کے قلعے کو فتح کیا۔پھر دوسرے قلعے بھی آسانی سے فتح ہو گئے۔ البتہ قموص کا قلعہ حضرت علیؓ کی بہادرانہ کوشش سے بیس دن کے محاصرے کے بعد فتح ہوا۔حضرت علیؓ نے مرحب کو قتل کیا۔اس غزوہ میں 93 یہودی مارے گئے اور 15 صحابہ شہید ہوئے۔

95۔ غزوہ حنین کے دو اسباب لکھیے۔

جواب۔
- ☆ مسلمانوں نے جب خانہ کعبہ سے 360 بتوں کو توڑا تو بنو ہوازن کا سردار مالک بن عوف نے مسلمانوں سے بدلہ لینے کا فیصلہ کیا۔
- ☆ بنو ثقیف اور بنو ہوازن کو تکبر وفخر مسلمانوں کے مقابلے پر لے آیا۔

96۔ صلح حدیبیہ کا معاہدہ کیوں ٹوٹا؟

جواب۔ صلح حدیبیہ کی وجہ سے دو قبائل بنو بکر اور بنو خزاعہ کو ہر فریق اپنے ساتھ ملا سکتا تھا،چنانچہ بنو بکر نے قریش مکہ کا اور بنو خزاعہ نے مسلمانوں کے ساتھ معاہدہ کیا،قریش مکہ نے صلح حدیبیہ کی خلاف ورزی کی اور بنو بکر کے ساتھ مل کر بنو خزاعہ پر شب خون مارا اور ان کو قتل کیا یہ معاہدے کی سراسر خلاف ورزی تھی یہ معاہدے ٹوٹنے کی اصل وجہ تھی۔

97۔ غزوہ اور سریہ میں کیا فرق ہے؟

جواب۔ غزوہ وہ مبارک جنگ ہے جس میں رسول پاکﷺ نے شرکت فرمائی ہو اور سریہ سے مراد وہ جنگ جس میں رسول پاکﷺ نے کسی صحابی کو امیر لشکر مقرر کر کے جہاد کے لئے روانہ کیا ہو۔

98۔ خطبہ حجۃ الوداع کے دو نکات لکھیے۔

جواب۔
- ☆ دین اسلام کی تکمیل اور اس کے اندر غلو سے اجتناب
- ☆ عورتوں اور غلاموں کے حقوق کی حفاظت
- ☆ کتاب اللہ اور سنت رسول کے اتباع کی تاکید

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



99- حضور ﷺ کا حضرت ابو طالب کے ہمراہ شام کا سفر تحریر کریں۔

جواب۔ بارہ سال کی عمر میں آپ ﷺ اپنے چچا حضرت ابو طالب کے ہمراہ شام کے تجارتی سفر پر گئے۔ اور راستے میں آپ ﷺ نے مشہور تاریخی مقامات اور کھنڈرات دیکھے۔ جب یہ قافلہ بصرہ پہنچا تو عیسائیوں کے بحیرا نامی راہب نے آنحضور ﷺ کو دیکھ کر پیشن گوئی کی کہ آپ ﷺ نبی آخر الزماں ہوں گے۔ ابو طالب کو مشورہ دیا کہ ان کو ملک شام میں ساتھ نہ لے جائیں کیونکہ یہودیوں کی طرف سے خطرہ ہے۔ چنانچہ آپ کو وہیں سے واپس بھیج دیا گیا۔

100- غار حرا کی اہمیت بیان کریں۔

جواب۔ غار حرا کی بہت اہمیت ہے کیونکہ حضور ﷺ بیشتر وقت غار حرا میں بسر فرماتے۔ یہاں خلوت کے پر سکون لمحات میں آپ ﷺ عبادت اور سوچ و بچار میں مشغول رہتے تھے آپ ﷺ غار حرا کی خلوتوں میں شاہد حقیقی سے لو لگائے تھے کہ جبرئیل امین کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے آپ پر وحی نازل فرمائی۔

101- سفر ہجرت مدینہ کے دوران سراقہ کا کردار تحریر کریں۔

جواب۔ حضور اکرم ﷺ جب ہجرت کے سفر پر روانہ ہوئے تو ایک کافر سراقہ بن جعشم تعاقب میں آپ ﷺ کو معاذ اللہ قتل کرنے کے ارادہ سے آیا پھر نادم ہو کر امان کا طالب ہوا۔ حضور ﷺ کے حکم سے آزاد کردہ غلام عامر بن فہیرہ نے امان نامہ لکھ دیا۔

102- شعب ابی طالب پر نوٹ لکھیں۔

جواب۔ قریش مکہ نے مشاورت کر کے طے کیا کہ اگر بنو ہاشم محمد ﷺ کو قتل کے لیے حوالے نہ کریں تو ان کا مکمل بائیکاٹ کر دیا جائے۔ جب حالات اتنے خراب ہو گئے تو ابو طالبؓ نے اپنے خاندان کو لے کر ایک گھاٹی جو انہی کے نام کی نسبت سے شعب ابی طالب مشہور تھی چلے گئے۔ اور پورے تین سال انتہائی پریشانیوں کے ساتھ یہیں زندگی بسر کرتے رہے۔

103- حضور ﷺ کے طائف کے سفر کا واقعہ لکھئے۔

جواب۔ شوال 10 نبوی میں رسول اکرم ﷺ ایک دن اہل طائف کو اسلام کی دعوت دینے کے لیے تشریف لے گئے آپ ﷺ کے ساتھ حضرت زیدؓ بن حارث تھے تو اہل طائف کے سرداروں نے بازاری غنڈے اور بچے آپ ﷺ کے پیچھے لگا دیئے جو آپ ﷺ پر پتھر برساتے جس سے آپ ﷺ کا جسم مبارک لہولہان ہو گیا اور جوتے مبارک خون سے بھر گئے۔

104- بیعت عقبیٰ اولیٰ کی شرائط لکھئے۔

جواب۔ بیعت عقبہ اولیٰ کی شرائط یہ تھیں کہ بیعت کرنے والے شرک، چوری، زنا، قتل اولاد اور بہتان تراشی نہ کریں گے اور آنحضور ﷺ کا ہر حکم مانیں گے۔

105- غزوہ بدر کے دو اسباب لکھئے۔

جواب۔ ☆ مدینہ کی چراگاہ پر حملہ ☆ عمرو حضرمیؓ کا قتل

106- غزوہ حنین میں منافقین کے کردار پر چار فقرات لکھئے۔

☆ عبداللہ بن ابی منافق مشرکین مکہ سے رابطے میں تھا

☆ وہ عین جنگ کے دن اپنے تین سو ساتھیوں کو لیکر الگ ہو گیا۔

☆ الگ ہونے کے بہانہ یہ بنایا کہ حضرت محمد ﷺ نے ان کی بات نہ مانی

☆ ایک ہزار کے لشکر میں سے تین سو منافقین کے الگ ہونے سے مسلمانوں کے لشکر کی تعداد 700 رہ گئی لیکن اسلام پر مرنے والوں کے ایمان اس بات سے متزلزل نہ ہوئے۔

107- غزوہ خندق کو غزوہ احزاب کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب۔ احزاب حزب کی جمع ہے جس کے معنی فوج یا گروہ کے ہیں چونکہ اس جنگ میں قبائلی عرب مختلف قبائل کو اکٹھے کر کے مسلمانوں کے خلاف لائے تھے اور ان سب کا مقصد مسلمانوں کو صفحۂ ہستی سے مٹانا تھا اس لیے اس جنگ کو غزوہ احزاب کا نام دیا گیا ہے۔ اس کو غزوہ خندق بھی کہا جاتا ہے اس لیے کہ مسلمانوں نے سرزمین عرب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ مدینہ منورہ کے دفاع کے لیے خندق کھودی گئی اس وجہ سے اسے غزوہ خندق کہا گیا ہے۔

108- خطبہ حجۃ الوداع کب اور کہاں ہوا؟

جواب۔ یہ خطبہ 10 ہجری کو میدان عرفات (مکہ معظمہ) میں ہوا۔

109- غزوہ احد سے مسلمانوں نے کیا سبق حاصل کیا؟

جواب۔ غزوہ احد سے مسلمانوں نے یہ سبق حاصل کیا کہ فرمان نبوی ﷺ پر عمل کرنا انتہائی ضروری ہے مال غنیمت کا لالچ نہ کیا جائے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



110- مبارزت اور جنگ کا مفہوم لکھئے۔

جواب۔ مبارزت کا مطلب اکیلا اکیلے انفرادی لڑنا یعنی چند افراد ایک جانب سے نکلیں اور مد مقابل سے چند افراد کو مقابلہ کے لئے بلائیں۔ جبکہ جنگ میں عام لڑائی کی طرح سارے لشکر والے دوسرے لشکر والوں سے لڑائی کرتے ہیں۔

111- صلح حدیبیہ کا معاہدہ کیوں ٹوٹا؟

جواب۔ صلح حدیبیہ کی وجہ سے دو قبائل بنو بکر اور بنو خزاعہ کو ہر فریق اپنے ساتھ ملا سکتا تھا، چنانچہ بنو بکر نے قریش مکہ کا اور بنو خزاعہ نے مسلمانوں کے ساتھ معاہدہ کیا، قریش مکہ نے صلح حدیبیہ کی خلاف ورزی کی اور بنو بکر کے ساتھ مل کر بنو خزاعہ پر شب خون مارا اور ان کو قتل کیا یہ معاہدے کی سراسر خلاف ورزی تھی یہ معاہدے ٹوٹنے کی اصل وجہ تھی۔

112- غزوہ موتہ پر چار سطریں لکھیں۔

جواب۔ عرب کا غسانی قبیلہ شام کے علاقے موتہ میں آباد تھا۔ یہ لوگ عیسائی مذہب کے پیروکار تھے یہاں شرجیل بن حسنہ حکومت کرتا تھا۔ شرجیل نے اسلام کی دعوت کو ٹھکرا کر آپ ﷺ کے سفیر حضرت حارث بن عمیرؓ کو قتل کر دیا۔ تین ہزار مجاہدین اسلام کے لشکر زید بن حارثہؓ کی سرکردگی میں مدینہ سے روانہ ہوا اس جنگ میں مسلمان مجاہدین کی تعداد صرف تین ہزار تھی جبکہ دشمن کی فوج ایک لاکھ تھی۔ خالد بن ولیدؓ نے ایسی جنگی مہارتوں کا مظاہرہ کیا کہ دشمن حیران و ششدر رہ گیا صرف بارہ مسلمان شہید ہوئے وہاں سے مسلمانوں کا واپس آنا ایک بہت بڑی کامیابی کی بات تھی۔

113- ظہور اسلام سے قبل عرب معاشرہ کی چار برائیاں لکھیے۔

جواب۔ اسلام سے پہلے عرب قتل و غارت میں اور جنگ و جدال میں مبتلا تھے وہ شراب نوشی بہت کرتے تھے زنا قتل اور چوری ان کی گھٹی میں پڑی ہوئی تھی۔

114- بیعت عقبیٰ اولیٰ سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ بیعت عقبیٰ اولیٰ سے مراد یہ ہے کہ 12 نبوی میں عقبہ کے مقام پر ایام حج میں مدینہ منوری سے کچھ اشخاص جو قبیلہ بنو خزرج سے تعلق رکھتے تھے، انہوں نے آپؐ کے ہاتھوں اسلام قبول کیا اور یہ تعداد میں 12 تھے۔

115- عرب بائدہ کی تعریف کریں۔

جواب۔ عرب بائدہ یہ عرب کے قدیم ترین قبائل میں سے ایک ہیں جو اسلام سے بہت پہلے فنا ہو چکے تھے مثلاً عاد و ثمود، جرہم اور عمالیق اور جدلیس وغیرہ۔

116- تاریخ اسلام میں شعب ابی طالب کیوں مشہور ہے؟

جواب۔ شعب ابی طالب، پہاڑوں کے درمیان وہ جگہ جہاں رسول پاک ﷺ کو ہجرت سے پہلے کفار مکہ سے معاشرتی بائیکاٹ کا شکار ہونا پڑا اس جگہ آپ ﷺ بمعہ اہل و عیال اور صحابہ کرامؓ کے تین سال تک محصور رہے نہایت کرب ناک لمحات میں یہ تین سال آپ ﷺ کے پورے کیے۔

117- حضور ﷺ کی بیٹیوں کے اسماء کرام لکھیے۔

جواب۔ آپ کی بیٹیوں کے نام سیدہ زینبؓ، سیدہ رقیہؓ، سیدہ ام کلثومؓ، سیدہ فاطمۃ الزہرہؓ ہیں۔

118- غزوہ احد کے چار اسباب لکھیں۔

جواب۔ مقتولین بدر کا انتقام لینا، عزت کی بحالی، کچھ تجارتی مفادات ابوسفیان کی غارت گری، یہودیوں کی سازش، حضورؐ کے قتل کی ناکام کوشش۔

119- بیعت رضوان سے کیا مراد ہے۔

جواب۔ صلح حدیبیہ کو اللہ تعالیٰ نے بیعت رضوان کا عنوان دیا ہے اور سورہ فتح میں ارشاد فرمایا کہ بیشک اللہ تعالیٰ مومنین سے راضی ہے جنہوں نے درخت کے نیچے بیعت کی تو یہ صلح حدیبیہ بیعت رضوان ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی رضامندی شامل تھی۔

120- صلح حدیبیہ کی دو شرائط لکھیں۔

جواب۔
- ☆ اس سال مسلمان بغیر عمرہ کیے واپس چلے جائیں
- ☆ اگلے سال بغیر کسی ہتھیار کے عمرہ کرنے کے لئے آئیں گے۔
- ☆ دس سال تک فریقین کے درمیان جنگ بندی ہے کہ کوئی دوسرے پر حملہ نہ کرے گا۔

121- مواخات مدینہ سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ اسلام سے پہلے عرب قتل و غارت میں اور جنگ و جدال میں مبتلا تھے وہ شراب نوشی بہت کرتے تھے زنا قتل اور چوری ان کی گھٹی میں پڑی ہوئی تھی۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


122۔ میثاق مدینہ کے دو اثرات لکھیں۔

جواب۔ ☆ اسلامی ریاست کی ابتداء ☆ حضورﷺ کو سربراہ تسلیم کیا گیا ☆ اشاعت اسلام میں ترقی

123۔ اسلام سے قبل تعلیم کی کیا حالت تھی؟

جواب۔ اسلام سے قبل تعلیم کی حالت بہت خراب تھی کہ پورے شہر مکہ میں پڑھے لکھے افراد سترہ تھے اور باقی سب جاہل تھے۔

124۔ غزوہ حنین کے دو اسباب لکھیے۔

جواب۔ 1۔ بنو ثقیف اور بنو ہوازن کو تکبر و فخر مسلمانوں کے مقابلے پر لے آیا۔

2۔ مسلمانوں نے جب خانہ کعبہ سے 360 بتوں کو توڑا بنو ہوازن کا سردار مالک بن عوف نے مسلمانوں سے بدلہ لینے کا فیصلہ کیا۔

125۔ قبل از اسلام عربوں کی دو معاشرتی برائیاں لکھیے۔

جواب۔ عرب اسلام سے قبل جاہلیت کی خرابیوں میں مبتلا تھے اولاد کشی (بیٹیوں کو زندہ در گور کر دینا)، زنا، شراب نوشی، جوا بازی، قمار بازی، سودی کاروبار کا عروج، علم سے دوری، جہالت اور گنوار پن، عورت کا معاشرہ میں بدترین مقام۔

126۔ عام الفیل سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ عام الفیل سے مراد ہاتھی والوں کا سال ہے یہ وہ سال ہے جس میں بدبخت ابرہہ خانہ کعبہ کو نعوذ باللہ گرانے کے لئے مکہ پر حملہ آور ہوا تھا اور اللہ تعالیٰ نے سمندری پرندوں ابابیلوں کے ذریعے اس کو ہلاک کروایا تھا ان سب کا ابابیلوں کی کنکریوں کے ذریعے ہلاک کرایا اور اس کے چند مہینے بعد آپؐ کی ولادت باسعادت ہوئی۔

127۔ بنو قریظہ کو آپﷺ نے سخت سزا کیوں دی؟

جواب۔ بنو قریظہ کو ان کی بدعہدی کی وجہ سے سخت سزا دی گئی۔

128۔ غزوہ اور سریہ میں کیا فرق ہے؟

جواب۔ غزوہ وہ مبارک جنگ ہے جس میں رسول پاکﷺ نے شرکت فرمائی ہو اور سریہ سے مراد وہ جنگ جس میں رسول پاکﷺ نے کسی صحابی کو امیر لشکر مقرر کر کے جہاد کے لئے روانہ کیا ہو۔

129۔ جنگ احد سے مسلمانوں کو کیا درس ملا؟

جواب۔ غزوہ احد سے مسلمانوں نے یہ سبق حاصل کیا کہ فرمان نبویﷺ پر عمل کرنا انتہائی ضروری ہے۔ مال غنیمت کا لالچ نہ کیا جائے۔

130۔ غزوہ خندق کے دو اثرات لکھیں۔

جواب۔ قریش مکہ اور کفار کی قوت ٹوٹ گئی۔

مسلمانوں کا نصرت الہٰی پر یقین غالب آ گیا۔

مسلمانوں کا رعب و دبدبہ اردگرد کے قبائل پر ہوا۔

## 2017

131۔ ورقہ بن نوفل نے رسول اکرم کی بات سن کر کیا کہا؟

جواب۔ ورقہ بن نوفل نے رسول اللہ کی بات سن کر کہا کہ یہ تو وہی ناموس (حضرت جبرائیل) ہے جو اس سے پہلے موسیٰ اور عیسیٰ کے پاس وحی لے کر آتا تھا۔

132۔ عربوں کے بیٹوں کو قتل کرنے کے بارے میں نوٹ تحریر کریں۔

جواب۔ عربوں میں سب سے بری رسم اولاد کشی تھی اگر بیٹا پیدا ہوتا تو اس کو زندہ رکھتے اور اگر بیٹی پیدا ہوتی تو اس کو زندہ در گور کر دیتے تا کہ ان کا کوئی داماد نہ ہو اور ان کی عزت و آبرو میں کمی واقع نہ ہو۔

133۔ حضورؐ نے جن فرمانرواؤں کو خطوط لکھے ان میں سے دو کے نام لکھیں۔

جواب۔ 1۔ قیصر روم 2۔ نجاشی 3۔ مقوقس 4۔ کسریٰ ایران

134۔ صلح حدیبیہ کے دو نتائج لکھیں۔

جواب۔ 1۔ حضرت خالد بن ولید، حضرت عمرو ابن عاصؓ جیسے بہادر لوگ بھی اس معاہدے کے بعد دائرہ اسلام میں داخل ہو گئے۔

2۔ اس معاہدے کے بعد اسلامی معاشرہ وسیع تر ہوتا گیا۔ 3۔ اس معاہدے کے نتیجے میں مکہ فتح ہوا۔

135۔ ترجمہ لکھیں۔ ان فتحنا لک فتحا مبینا

جواب۔ ترجمہ: بے شک ہم نے آپ کو فتح مبین عطا کی۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



136۔ خطبہ حجۃ الوداع کے دو نکات لکھیں۔

جواب۔ 1۔ عورتوں کے معاملے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ تمہارا عورتوں پہ اور عورتوں کا تم پر حق ہے۔

2۔ تمہارے غلام، تمہارے غلام! جو خود کھاؤ وہی ان کو کھلاؤ اور جو خود پہنو وہی ان کو پہناؤ۔

137۔ صلح حدیبیہ کے دوران حضرت ابو جندل کا واقعہ لکھیں۔

جواب۔ ابھی یہ معاہدہ مکمل نہیں ہوا تھا کہ ابو جندل جو پہلے ہی مسلمان ہو چکے تھے۔ زنجیروں میں جکڑے ہوئے آپؐ کے پاس آئے تاکہ وہ ان کے ساتھ مدینہ جا سکے۔ لیکن آپؐ نے معاہدے کی پاسداری کرتے ہوئے حضرت ابو جندلؓ کو اہل مکہ کے ساتھ روانہ کیا۔ آپؐ نے فرمایا کہ میں اللہ کا برحق رسول ہوں اس کی نافرمانی نہیں کر سکتا۔ اللہ کا رسول وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

138۔ آپؐ نے فتح مکہ کے موقع پر کیا اعلان فرمایا۔

جواب۔ حضورؐ نے فرمایا۔ اے قوم قریش! تمہیں معلوم ہے کہ میں تمہارے ساتھ کیا سلوک کرنے والا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ آپ شریف بھائی کے بیٹے ہیں آپؐ ہمارے ساتھ اچھا ہی برتاؤ کریں گے۔ حضورؐ نے فرمایا جاؤ تم سب آزاد ہو۔

139۔ حضرت بلالؓ کا تعارف لکھیں۔

جواب۔ حضرت بلالؓ اسلام قبول کرنے سے پہلے امیہ بن خلف کے غلام تھے۔ وہ ان پر بہت زیادہ ظلم و ستم کرتا تھا اسلام قبول کرنے کی وجہ سے تپتی ریت پر لٹایا جاتا اور حضرت بلال حبشی کی زبان سے احد احد کی صدا بلند ہوتی اور اسلام کے پہلے موذن کا شرف بھی ان کو حاصل ہے۔

140۔ نجاشی کی رحم دلی کا واقعہ بیان کریں۔

جواب۔ حبشہ کا بادشاہ جس کا نام اصحمہ اور لقب نجاشی تھا۔ عیسائی دین کا پابند تھا مگر بہت ہی انصاف پسند اور رحم دل تھا۔ جب مسلمان حبشہ پہنچے تو نجاشی نے مسلمانوں کے ساتھ بڑا رحم دل والا برتاؤ کیا اور ٹھہرنے کی جگہ دی اور اسلام قبول کیا۔

141۔ عربوں میں بت پرستی کا بانی کون تھا؟

جواب۔ عرب میں بت پرستی کا بانی "عمرو ابن لحی تھا"۔

142۔ رسولؐ کے والدین کے اسمائے گرامی تحریر کریں۔

جواب۔ حضرت آمنہ اور حضرت عبداللہ۔

143۔ واقعہ شق صدر کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب۔ ولادت کے چوتھے یا پانچویں سال شق صدر (یعنی سینہ مبارک چاک کیے جانے) کا واقعہ پیش آیا۔ رسول اللہ کے پاس حضرت جبرائیل تشریف لائے آپؐ بچوں کے ساتھ کھیل رہے تھے۔ حضرت جبرائیل نے آپ کو پکڑ کر آپ کا سینہ چاک کر کے دل نکالا پھر آپؐ کے دل کو ایک طشت میں زمزم کے پانی سے دھویا اور پھر اسے جوڑ کر اس جگہ لوٹا دیا۔

144۔ ختم نبوتؐ کے بارے میں ایک آیت اور اس کا ترجمہ تحریر کریں۔

جواب۔ ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ و ما خاتم النبین۔

ترجمہ: محمدؐ تم مردوں میں کسی کے باپ نہیں ہیں لیکن وہ اللہ کے رسول ہیں اور آخری نبی ہیں۔

145۔ غزوہ موتہ میں کون کون سے سپہ سالار شہید ہوئے؟

جواب۔ غزوہ موتہ میں حضرت جعفر طیارؓ شہید ہوئے۔

146۔ قبل از اسلام عربوں کے دو مذاہب کے نام لکھیں۔

جواب۔ 1۔ عیسائیت 2۔ یہودیت 3۔ مجوسیت

157۔ دو غلام صحابہ کے نام لکھیں۔

جواب۔ حضرت بلال حبشیؓ، حضرت سلمان فارسیؓ اور صہیب رومیؓ۔

158۔ نجاشی کا اصل نام کیا تھا؟

جواب۔ نجاشی کا اصل نام "اصحمہ" تھا۔

159۔ ترجمہ کریں۔ لقد رضی اللہ عن المومنین اذیبایعونک تحت الشجرۃ

جواب: ترجمہ: تحقیق اللہ راضی ہو گیا ایمان والوں سے جب آپؐ نے ان سے درخت کے نیچے بیعت لی۔

160۔ غزوہ خیبر کن کن گروہوں کے درمیان وقوع پذیر ہوا۔

جواب۔ غزوہ خیبر مدینہ کے مسلمانوں اور خیبر کا یہودی قبیلہ بنو نظیر کے درمیان واقع ہوا۔

161۔ خیبر کے یہود قبائل کے نام لکھئے۔

جواب۔ 1۔ بنو نظیر 2۔ بنو قریظہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


## 2018

162 دو غیر عرب صحابہ کے نام:
جواب۔ (1) حضرت بلال حبشیؓ (2) حضرت سلمان فارسیؓ

163۔ غزوہ خندق کب ہوئی وجہ تسمیہ بھی بیان کریں۔
جواب۔ غزوہ احزاب 5 ہجری کو ہوئی۔اس جنگ میں قریش مکہ کے ساتھ عرب کے مختلف قبائل نے اکٹھے ہو کر ایک لشکر کی صورت میں مدینہ کے مسلمانوں پر چڑھائی کی تھی۔اس لئے اس جنگ کو غزوہ احزاب کا نام دیا گیا۔

164 فتح مکہ کے اسباب بیان کریں۔
جواب۔ (1) بیت اللہ کو بتوں سے پاک کرنا۔ (2) مسلمانوں کے حلیف قبیلہ کا حرم کعبہ میں قتل

165 غزوہ تبوک کے موقع پر صحابہ کرامؓ نے کس طرح ایثار کی مثال قائم کی؟
جواب۔ غزوہ تبوک کے موقع پر صحابہ کرامؓ نے ایثار کی مثالیں یوں قائم کیں کہ
حضرت ابو بکرؓ اپنے گھر کا سارا سامان لے آئیں اور جب ان سے سوال کیا گیا کہ گھر والوں کے لئے کیا چھوڑ آئے تو انھوں نے عرض کی اللہ اور اس کے رسول کا نام۔
حضرت عمرؓ اپنے گھر کا آدھا سامان لے آئے تو ان سے پوچھا گھر والوں کے لئے کیا چھوڑ آئے ہو تو انہوں نے عرض کی اپنے سامان کو دو حصوں میں تقسیم کیا ایک آپؐ کی خدمت میں لے آیا ہوں اور آدھا مال گھر والوں کے لئے چھوڑ آیا ہوں۔

166۔ آپؐ نے غزوہ موتہ کے لئے کن سپہ سالاروں کا اعلان کیا؟
جواب۔ سب سے پہلے سپہ سالار حضرت زید بن حارثہ کو بنایا آپؐ نے فرمایا اگر زیدؓ شہید ہو جائے تو حضرت جعفرؓ کو سپہ سالار بنالینا وہ شہید ہو جائے تو حضرت عبداللہ بن ارواح کو سپہ سالار بنالینا اگر وہ بھی شہید ہو جائے تو پھر جسے چاہیں علم دے دینا۔

167۔ حضرت انسؓ نے آپؐ کے اخلاق کے بارے میں کیا کہا تھا؟
جواب۔ قبل از اسلام عربوں کے دو مذاہب کے نام لکھیں۔
(1) بت پرستی (2) مظاہر قدرت کو پوجنا

168 غزوہ خیبر میں حضرت علیؓ کی خدمات لکھیں۔
جواب۔ حضرت علیؓ غزوہ خیبر میں بہت بہادری سے لڑے۔اور خیبر کا آخری قلعہ قموص بہت اہم تھا۔آپؐ نے حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ کو اس کو فتح کرنے کے لئے روانہ کیا مگر کامیابی نہ ہو پھر حضرت علیؓ کو روانہ کیا تو حضرت علیؓ نے اس کو فتح کیا اور اس کے بعد مسلمان اس جنگ میں کامیابی سے ہمکنار ہوئے۔

169۔ مال غنیمت اور مال فے میں فرق واضح کریں۔
جواب۔ مال غنیمت سے مراد وہ مال جو مسلمان کفار سے جنگ کی صورت فتح کی صورت میں مال حاصل کرتا ہے۔
اور مال فے۔بغیر جنگ کے مسلمان کفار سے فتح کی صورت میں جو مال حاصل کرتا ہے۔

170 حضورﷺ کے وصال سے قبل بیماری کا حال بیان کریں۔
جواب۔ نبی کریمﷺ جب حجتہ الوداع سے مدینہ پہنچے تو یہ ماہ صفر سن 11 ہجری تھا۔نبی کریمﷺ بیماری میں مبتلا ہو گئے۔جب کمزوری زیادہ لاحق ہوئی تو آپؐ نے باقی تمام ازواج مطہرات سے اجازت لے کر آپؐ حضرت عائشہؓ کے حجرے میں منتقل ہو گئے۔جو کہ مسجد نبوی کے بالکل متصل تھا۔بیماری اتنی شدت اختیار کر گئی کہ آپﷺ سے کھڑا بھی نہیں ہو جاتا تھا۔آخر کار سوموار 12 ربیع الاول سن 11 ہجری کو شام کے وقت آپﷺ کا وصال ہو گیا۔
وصال کے وقت آپﷺ کی عمر مبارک 63 برس تھی۔

171۔ پہلی وحی کے بعد کتنا عرصہ وحی معطل رہی؟
جواب۔ پہلی وحی کے بعد تقریباً چھ مہینے وحی معطل رہی۔

172۔ غزوہ خیبر میں مسلمانوں کی تعداد لکھئے۔
جواب۔ غزوہ خیبر میں مسلمانوں کی تعداد پندرہ سو تھی اور ان میں سے تین سوار تھے۔

173۔ حجاز کے دو مشہور شہروں کے نام لکھئے۔
جواب۔ حجاز کے دو مشہور شہر درج ذیل ہیں:
(1) مکہ (2) مدینہ

174۔ دو حرام مہینوں کے نام لکھئے۔
جواب۔ (1) ذی قعدہ (2) محرم

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


## حل شدہ مختصر سوالات حصہ سوم (بورڈ پیپرز 2011-2018)

1۔ حضرت ابوبکر صدیق کے والد اور والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب۔ آپؓ کے والد کا نام عثمانؓ کنیت ابو قحافہ اور والدہ کا نام سلمیٰؓ اور کنیت ام الخیر ہے۔

2۔ حضرت عمرؓ فاروق کو کیسے نامزد کیا گیا؟

جواب۔ جب حضرت ابوبکرؓ کا مرض بہت شدت اختیار کر گیا۔ اور انہیں زندگی سے مایوسی ہونے لگی تو اپنے جانشین کے متعلق سوچا تو حضرت عمرؓ سے بہتر کوئی شخص نظر نہ آیا تو صحابہ کرامؓ سے مشورہ کیا حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ نے کہا کہ بلاشبہ عمر اس منصب کے اہل ہیں لیکن وہ قدرے سخت ہیں تو حضرت صدیق اکبرؓ نے جواب دیا جب بار خلافت پڑے گی تو خود بخود نرم ہو جائیں گے۔

چنانچہ انہوں نے ایک عہد نامہ لکھوایا اور لوگوں کو سنایا کہ میں نے اپنے کسی رشتہ دار کو خلیفہ مقرر نہیں کیا بلکہ اس کو منتخب کیا جو تم لوگوں میں سب سے بہتر ہے۔

3۔ کوئی سے چار اولیات عمرؓ تحریر کریں۔

جواب۔ سن ہجری کا اجراء اور تاریخ اسلام کی ابتداء، نماز باجماعت تراویح کا اہتمام اور اس کی ابتداء، فوجی چھاؤنیوں کا قیام، عدلیہ کی انتظامیہ سے علیحدگی۔

4۔ حضور ﷺ کو کونسی دو بیٹیاں حضرت عثمانؓ کے نکاح میں تھیں؟

جواب۔ حضرت رقیہؓ اور حضرت ام کلثومؓ

5۔ حضرت عثمان غنیؓ کی شہادت کے دو اسباب بیان کریں۔

جواب۔ کبار صحابہ کی کمی، مفتوحہ قوموں کا جذبہ انتقام، حضرت عثمانؓ کی نرم مزاجی۔

6۔ حضرت علیؓ کی سیرت کے چار اہم پہلو تحریر کریں۔

جواب۔ آپؓ کی شخصیت زہد و تقویٰ عبادت و ریاضت سے عبارت تھی۔

سادگی اور علم و فضل میں اپنی مثال آپ تھے۔

شجاعت اور امانت، دیانت آپ کا شیوہ تھا۔

دشمنوں سے حسن سلوک۔

7۔ جنگ جمل کے کوئی سے دو اسباب بیان کریں۔

جواب۔ سبائیوں کی حکم عدولی، حضرت امیر معاویہؓ اور حضرت عائشہؓ کا قصاص عثمانؓ کا مطالبہ وغیرہ۔

8۔ خلافت راشدہ سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ رشد و ہدایت پر مبنی نیابت خلافت راشدہ کہلاتی ہے۔ تاریخ میں اس سے مراد وہ مبارک اور سنہرا دور ہے جو آنحضور ﷺ کے بعد ابوبکر صدیق سے شروع ہو کر سیدنا حضرت امام حسنؓ کی جانشینی تک ختم ہوا۔

9۔ فتنہ ارتداد سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ آنحضور ﷺ کے وصال کے بعد بعض نو مسلم قبائل جو اسلامی حکومت کی سیاسی قوت سے مرعوب ہو کر مسلمان ہوئے تھے اور بت پرستی ان کی گھٹی میں پڑی ہوئی تھی وہ بے دین ہو گئے یہ لوگ بعد میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کی کاوشوں سے دوبارہ مسلمان ہو گئے تھے یہ فتنہ ارتداد کہلاتا ہے۔

10۔ مشورے کی اہمیت پر حضرت عمرؓ کا ایک قول لکھیں۔

جواب۔ مشورہ کے بغیر خلافت کا کام چل ہی نہیں سکتا۔

11۔ اولیات عمرؓ سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ وہ کارنامے یا نئی باتیں جن کو حضرت عمر فاروقؓ نے شروع کیا ان سے قبل یہ باتیں اسلامی سلطنت میں نہ تھیں وہ سب کی سب اولیات عمر کہلاتی ہیں چند ایک اولیات یہ ہیں۔ سن ہجری کی ابتداء، تاریخ کا اجراء، بیت المال کا قیام، عدالتوں کا قیام، فوجی چھاؤنیوں کا قیام اور فوج کیلئے تنخواہوں کا اجراء وغیرہ۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



12۔ عبداللہ بن سباء کے کردار پر مختصر نوٹ لکھیں۔

جواب۔ عبداللہ بن سبا ایک (منافق) یہودی تھا یہ شخص بڑا ذہین، مکار اور سازشی تھا۔ تورات کا عالم تھا اس نے قرآنی تعلیمات میں تورات کی تعلیمات شامل کر دی تھیں اس نے اسلام منافقانہ طرز قبول کیا اور اسلام کے لبادے میں نہ صرف شہیدامت حضرت عثمانؓ بلکہ درحقیقت عالم اسلام کے خلاف سازش کی۔

13۔ حضرت علیؓ کی سیرت کے دو اوصاف لکھئے۔

جواب۔ آپؓ کی شخصیت زہد وتقویٰ عبادت وریاضت سے عبارت تھی۔

سادگی اور علم وفضل میں اپنی مثال آپ تھے۔

شجاعت اور امانت، دیانت آپ کا شیوہ تھا۔

دشمنوں سے حسن سلوک۔

14۔ خوارج کا مختصر تعارف لکھیں۔

جواب۔ جنگ صفین کے بعد جب حضرت امیر معاویہؓ اور حضرت علیؓ نے ثالث مقرر کیے تو کوفہ کے بہت سے لوگ حضرت علیؓ کے مخالف ہو گئے اور کہنے لگے کہ یہ قرآن میں ان الحکم الا اللہ کہ ثالث صرف اللہ تعالیٰ ہے اس لئے (نعوذ باللہ) حضرت علیؓ کافر ہیں، ان کا امیر شبث بن ربعی تھا دراصل یہی وہ لوگ تھے جو حضرت عثمانؓ کے شہید کرنے میں پیش پیش تھے۔ چونکہ یہ مسلمانوں سے الگ ہو گئے تھے اس لئے ان کو خارجی کہا جاتا تھا۔

15۔ دو صحابہ کے نام لکھئے جو حضرت ابوبکرؓ کی تبلیغ سے اسلام لائے۔

جواب۔ حضرت عثمان غنیؓ حضرت زبیر بن العوامؓ، حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ حضرت سعد بن ابی وقاص۔

16۔ حضرت ابوبکرؓ کی بیعت کا حال بیان کیجیے۔

جواب۔ ثقیفہ بنی ساعدہ میں مہاجرین والانصار کی متفقہ مشاورت اور پھر متفقہ بیعت سے حضرت ابوبکرؓ خلیفہ منتخب ہوئے۔ نہ خود کو پیش کیا اور نہ عہدہ طلب کیا۔

17۔ اسود عنسی کون تھا؟ مختصر تعارف بیان کیجیے۔

جواب۔ اسود یمن کے قبیلے بنوعنس کا سردار تھا اس کا نام عبہلہ تھا لیکن سیاہ فام ہونے کی وجہ سے اسود عنسی کہلاتا تھا، اس نے آنحضورﷺ کی زندگی میں نبوت کا دعویٰ کیا، یمن سے مسلم حاکم کو نکال کر اپنی حکومت کا اعلان کر دیا۔ ایک رات ایک شخص فیروز نے اسود عنسی کی شراب کے نشے میں مبتلا پا کر وہیں قتل کر دیا یہ واقعہ آنحضورﷺ کے وصال سے ایک رات قبل کا ہے۔

18۔ حضرت عمرؓ نے جاگیرداری نظام کا خاتمہ کس طرح کیا؟

جواب۔ شام وعراق میں زمین فوجیوں کی تھی مزارع۔ آپؓ نے اس نظام کو یکسر تبدیل کر دیا اور زمین اس کی جو کاشت کرے کا اصول بنایا۔

19۔ حضرت عثمان غنیؓ کا آخری خطاب مختصراً بیان کریں۔

جواب۔ حضرت عثمان غنیؓ نے محاصرین سے آخری خطاب ارشاد فرمایا کہ اے قوم! مجھے قتل نہ کرو، کیونکہ میں تمہارا ولی ہوں، تمہارا بھائی ہوں اور مسلمان ہوں رسول اللہﷺ کا داماد ہوں واللہ! میں نے سوائے اصلاح کے کچھ نہ چاہا، خواہ مجھ سے خطا ہوئی یا صواب تم لوگ مجھے قتل کر دو گے تو نہ تم کبھی متفق ہو کر نماز پڑھ سکو گے نہ کبھی متفق ہو کر جہاد کر سکو گے اور نہ تمہارا مال غنیمت تمہارے درمیان انصاف سے تقسیم ہوگا۔

20۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی سیرت کی دو خصوصیات لکھیے۔

جواب۔

☆ یار غار حرا اور یار مزار ہونے کا شرف حاصل ہوا۔

☆ زندگی سادگی وقناعت، مہمان نوازی، شجاعت وبہادری سے گزاری۔

☆ صداقت کی بنا پر بارگاہ نبوتﷺ سے صدیق کا لقب پایا۔

☆ آپ کی چار نسلیں شرف با اسلام ہوئیں۔

21۔ حضرت عمرؓ کے دو اولین کارنامے لکھیں۔

جواب۔ ☆ حرم میں اعلانیہ نماز کا آغاز ☆ اعلانیہ ہجرت ☆ تمام غزوات میں شرکت اور داد شجاعت

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



22- حضرت عثمان غنیؓ کے نکاح میں حضورﷺ کی کونسی دو صاحبزادیاں تھیں؟

جواب- حضرت رقیہؓ اور حضرت ام کلثومؓ۔

23- حضرت عثمان غنیؓ کی دو خصوصیات لکھیے۔

جواب- فیاضی وغناء، صلہ رحمی، صبر وتحمل، شرم وحیاء کا پیکر۔

24- سن ہجری کا آغاز کب اور کس نے کیا؟

جواب- سن ہجری کا آغاز سیدنا عمر فاروقؓ نے کیا اور اس کا آغاز ہجرت مدینہ سے 13 نبوی کے اختتام میں ہوا۔

25- چار جھوٹے مدعیان نبوت کے نام لکھیے۔

جواب- مسیلمہ، اسود عنسی، طلحہ اور غلام احمد قادیانی۔

26- حضرت صدیق اکبرؓ کے دور خلافت کی دو فتوحات لکھیے۔

جواب- ☆ فتح ولجہ ☆ فتح حیرہ ☆ فتح انبار ☆ عین التمر کی فتح

27- حضرت عثمانؓ کی سیرت کے دو پہلو لکھیے۔

جواب- فیاضی وغناء صلہ رحمی، صبر وتحمل، شرم وحیاء کا پیکر

28- حضرت عمرؓ کی خلافت کی دو خصوصیات لکھیں۔

جواب- ☆ باقاعدہ فوج کا قیام ☆ زرعی اصطلاحات ☆ بیت المال کا قیام

29- حضرت عثمانؓ کی تدوین قرآن کے سلسلے میں خدمات مختصر لکھیے۔

جواب- آپ کا سب سے بڑا اہم کارنامہ مسلمانوں کو ایک قرات اور ایک مصحف پر متحد کرنا ہے۔ حضرت عثمانؓ کے زمانے میں الفاظ کے تلفظ میں کچھ اختلاف رونما ہوا۔ آپؓ نے صحابہ کے مشورے سے اس کا فوری سدباب کیا اور تمام امت کو ایک ہی قرات پر جمع کر دیا۔ آپؓ نے عہد صدیقی کا مدون کیا ہوا نسخہ جو ام المومنین حضرت حفصہؓ کے پاس محفوظ تھا منگوایا اور اس کی نقلیں کرا کے تمام ممالک اسلامیہ میں بھجوائیں۔ اس کے علاوہ دوسری قراتوں میں لکھے ہوئے قرآنی نسخے تھے انہیں تلف کرا دیا۔ آج تک قرآن مجید اسی طرح پڑھا جاتا ہے اس لیے حضرت عثمانؓ کو جامع القرآن کہتے ہیں۔

30- حضرت علیؓ کی ابتدائی دو مشکلات لکھیے۔

جواب- ☆ قصاص عثمان غنیؓ کا مطالبہ ☆ دور عثمانی کے عمال کی برطرفی

☆ بلوائیوں کی حکم عدولی ☆ حضرت امیر معاویہؓ کا انکار بیعت

31- حضرت علیؓ کی دو خدمات لکھیں۔

جواب- قلعہ قموص کی فتح، فوجی اقدامات، دینی اقدامات، تمام غزوات میں شرکت، خلافت کمیٹی کے رکن۔

32- حضرت علیؓ کی سادگی اور فقر پر مختصر نوٹ لکھیے۔

جواب- سادگی حضرت علیؓ کی زندگی کا امتیازی وصف تھا، آپ کا رہن سہن، کپڑا، غذا حتی کہ مکان تک سادہ تھا، بطور خلیفہ کوفہ تشریف لائے تو شاہی محلات کی بجائے میدان میں قیام فرمایا آپؓ کے گھر میں کوئی کنیز اور ملازم نہ تھا۔ آپؓ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ "دنیا مردار ہے اور اس کا متلاشی کتوں جیسا ہے"۔ آپؓ پر تعیش زندگی سے نفرت کرتے تھے۔

33- حضرت عثمان غنیؓ کی شہادت کے دو اسباب تحریر کیجیے۔

جواب- ☆ کبار صحابہ کی کمی ☆ مفتوحہ قوموں کا جذبہ انتقام ☆ حضرت عثمان غنیؓ کی نرم مزاجی

34- حضرت ابوبکرؓ کا ایثار لکھیں۔

جواب- آپؓ کا ایثار بھی قابل داد ہے آپؓ نے اپنا تن من، دھن سب کچھ اسلام کے لیے وقف کر دیا جو کچھ آپؓ کے پاس قابل ذکر اثاثہ تھا غزوہ تبوک میں حضور کی خدمت میں پیش کر دیا جب آپﷺ نے پوچھا کہ گھر والوں کے لیے کیا چھوڑ آئے ہو تو کہنے لگے ان کے لیے اللہ اور اس کا رسولﷺ بس کافی ہیں۔

35۔ حضرت عثمانؓ کے دو کارنامے لکھیں۔

جواب۔ ☆ بیئر رومہ کو خرید کر وقف کر دیا۔ ☆ غزوہ تبوک کے نصف اخراجات ادا کیے

☆ مجلس شوریٰ کی رکنیت ☆ مسجد نبوی ﷺ کی تعمیر و توسیع

☆ تمام مسلمانوں کو قرآن پاک کی ایک قرأت پر جمع کرنا۔

36۔ حضرت علیؓ کی دو خدمات لکھیں۔

جواب۔ 1۔ بغاوتوں کی سرکوبی 2۔ فوجی مال کا حساب 3۔ رعایا پروری اور قیمتوں پر کنٹرول

37۔ جنگ جمل کے دو اسباب لکھیں۔

جواب۔ ☆ حضرت عثمان غنیؓ کی شہادت کے قصاص کا مطالبہ

☆ سبائیوں کی سازش اور اسلامی لشکر پر حملہ

☆ عسکری نظام کا درہم برہم ہونا وغیرہ۔

38۔ خلفائے راشدین کی مدت خلافت تحریر کریں۔

جواب۔ حضرت ابوبکرؓ کی مدت خلافت 2 سال 3 ماہ اور 9 دن ہے، حضرت عمرؓ کی مدت خلافت 10 سال 11 ماہ 4 دن ہے، حضرت عثمان غنیؓ کی مدت خلافت 11 سال 11 ماہ 12 دن ہے جب کہ حضرت علی المرتضیٰؓ کی مدت خلافت 4 سال 9 ماہ اور 23 دن ہے۔

39۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے والدین کون تھے؟

جواب۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے والد کا نام عثمانؓ اور کنیت ابوقحافہ تھی۔ والدہ کا نام سلمیٰؓ اور کنیت ام الخیر تھی خاندان قریش کی ممتاز شاخ بنو تمیم سے تعلق رکھتے تھے سلسلہ نسب والد کی طرف سے چھ پشت اوپر سرور کائنات ﷺ سے مل جاتا ہے۔

40۔ عہد فاروقی کے رفاہ عامہ کے کاموں پر مختصر نوٹ لکھیں۔

جواب۔ حضرت عمرؓ فاروق نے اسلامی سلطنت کو ایک رفاہی مملکت بنانے کے لیے انتھک محنت کی اور لوگوں کو ایسی سہولتیں باہم پہنچائیں جس سے زندگی میں آسائش و آرام میسر آیا اور ملک معاشرتی اور معاشی لحاظ سے ترقی پذیر ہوا۔ ان کے رفاہی کاموں میں نہروں کی تعمیر، خانہ کعبہ کے گرد چار دیواری، مسجد نبوی ﷺ کی توسیع، نئے شہروں کی تعمیر، سڑکوں اور پلوں کی تعمیر وغیرہ شامل ہیں۔

41۔ حضرت عثمان غنیؓ کے قبول اسلام کے بارے میں لکھیں۔

جواب۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ سے حضرت عثمانؓ کے گہرے مراسم تھے صدیق اکبرؓ کی تبلیغ نے انہیں اسلام کی طرف مائل کیا۔ وہ آنحضرت ﷺ کے دست حق پر مشرف بہ اسلام ہوئے۔ حضرت عثمانؓ اولین مسلمانوں میں شمار ہوتے ہیں۔ آنحضرت ﷺ نے اپنی دو صاحبزادیوں کو ان کے عقد میں دیا۔

42۔ جنگ صفین کب اور کن کے درمیان لڑی گئی؟

جواب۔ جنگ صفین یکم صفر 37ھ کو حضرت امیر معاویہؓ اور حضرت علیؓ کے لشکر کے درمیان لڑی گئی۔

43۔ حضرت علیؓ کے انتظام سلطنت پر مختصر نوٹ لکھیں۔

جواب۔ حضرت علیؓ نے چھاؤنیاں قائم کیں، قلعے تعمیر کرائے، شعبہ پولیس کو از سر نو منظم کر کے اس کا نام شرطہ رکھا۔ دریائے فرات پر ایک پل تعمیر کروایا۔ آپؓ بیت المال میں ایک ایک پیسے کا حساب رکھواتے تھے۔ آپؓ ذمیوں کے حقوق کا خاص خیال رکھتے تھے۔ بازار کی نگرانی اور نرخ اور ناپ تول کی دیکھ بھال بذات خود کرتے تھے۔ آپؓ کے عدل و انصاف کو دیکھ کر غیر مسلم اسلام قبول کر لیتے تھے علم دین کے ساتھ آپؓ کو خاص شغف حاصل تھا آپؓ خود بھی علم نبوت کی عملی تصویر تھے۔ آپؓ نے فن کی بنیاد رکھی۔ آپؓ ہی کی سرگرمی سے یمن میں اسلام کی اشاعت ہوئی۔

44۔ حضرت عثمان غنیؓ کو ذوالنورین کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب۔ حضرت عثمان غنیؓ نے رسول اللہ ﷺ کی دو صاحبزادیوں سے یکے بعد دیگرے نکاح و شادی کی تھی اسی وجہ سے آپؓ کو ذوالنورین (دو نوروں والا) کہا جاتا ہے آپؓ کائنات میں واحد شخص ہیں جن کے نکاح میں پیغمبر خدا ﷺ کی دو صاحبزادیاں آئیں۔

45- غزوہ تبوک میں حضرت عثمانؓ نے اسلامی لشکر کی کیسے مدد کی؟

جواب۔ غزوہ تبوک کے موقع پر صحابہ کرامؓ نے ایثار قربان کی ایسی مثالیں پیش کیں کہ قیامت تک ان جیسی مثال پیش نہیں کی جاسکتی ان میں سے ایک مثال حضرت عثمان غنیؓ کی بھی ہے کہ جنہوں نے ایک ہزار اونٹ، ایک سو گھوڑے، ایک ہزار دینار صرف رسول اللہ کی خدمت میں پیش کیا بلکہ دس ہزار مجاہدین کیلئے اسلحہ، سامان رسد کا بھی ذمہ لیا۔

46- فتح قیساریہ کے متعلق لکھئے۔

جواب۔ قیساریہ شام کا ایک شہر وعلاقہ تھا دمشق کی فتح کے بعد حضرت عمرو بن العاصؓ اس طرف متوجہ ہوئے پہلے شام کے ضلع ادن کو فتح کیا پھر چونکہ رومیوں کی فوج قیساریہ، غزہ اور ایلیاء شہروں کی طرف منتشر ہو کر لشکر جمع کرنے میں مصروف تھی کہ حضرت عمر فاروقؓ کے حکم سے حضرت عمرو بن العاص نے اپنی فوج کے کئی یونٹ بنا کر اطراف میں بھیج دیے ان میں سے ایک یونٹ قیساریہ فتح کیا۔

47- بیت المقدس حوالے کرنے سے پہلے رومیوں نے کیا شرط لگائی؟

جواب۔ رومیوں نے یہ شرط رکھی کہ مسلمانوں کا امیر یعنی حضرت عمر فاروقؓ خود صلح کیلئے یہاں آئیں۔

48- حضرت ابو بکرؓ کے ایثار کا واقعہ لکھئے۔

جواب۔ آپ کا ایثار بھی قابل داد ہے آپؓ نے اپنا تن، من، دھن سب کچھ اسلام کے لیے وقف کر دیا۔ جو کچھ آپؓ کے پاس قابل ذکر اثاثہ تھا غزوہ تبوک میں حضورﷺ کی خدمت میں پیش کر دیا جب آپؐ نے پوچھا کہ گھر والوں کیلئے کیا چھوڑ آئے ہو تو کہنے لگے ان کیلئے اللہ اور ان کا رسولؐ بس کافی ہیں۔

49- سجاح بنت حارث کا تعارف لکھئے۔

جواب۔ سجاح بنت حارث قبیلہ تمیم کی ایک شاخ بنو یربوع کی عورت تھی، مردوں کی دیکھا دیکھی اس نے بھی نبوت کا دعویٰ کر دیا اور لوگوں کی ایک بھاری جمعیت اپنے اردگرد جمع کر لی اور مسیلمہ کذاب کو چیلنج کیا لیکن مسیلمہ کذاب نے تحائف دے کر صلح کر لی۔ اس کے بعد دونوں نے شادی کر لی۔ اور ایک دوسرے کی نبوت کی تصدیق کی حضرت خالد بن ولیدؓ اس کی سرکوبی کے لیے حدیقۃ الموت پہنچے، بنو تمیم نے اطاعت قبول کر کے اسلام قبول کر لیا لڑائی کے دوران سجاح فرار ہو گئی لیکن بعد میں توبہ کر کے اسلام قبول کر لیا اور پھر بصری میں انتقال کر گئی۔

50- خلافت راشدہ سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ رشد و ہدایت پر مبنی نیابت خلافت راشدہ کہلاتی ہے۔ تاریخ میں اس سے مراد وہ مبارک اور سنہرا دور ہے جو آنحضورﷺ کے بعد ابو بکر صدیق سے شروع ہو کر سیدنا حضرت امام حسنؓ کی جانشینی تک ختم ہوا۔

51- حضرت ابو بکر صدیقؓ کی دو اسلامی خدمات لکھیں۔

جواب۔
- ☆ منکرین زکوٰۃ کے خلاف قتال
- ☆ فتنہ ارتداد (جھوٹے مدعیان نبوت) کا سدباب
- ☆ باغیوں (مرتد قبائل) کی سرکوبی
- ☆ جمع و تدوین قرآن

52- حضرت عمر فاروقؓ کے نظام حکومت کی دو خوبیاں لکھیں۔

جواب۔ 1۔ باقاعدہ فوج کا قیام 2۔ زرعی اصلاحات 3۔ بیت المال کا قیام

53- حضرت عثمان کے کردار پر دو لائنیں لکھیں۔

جواب۔ حضرت عثمان غنیؓ ذوالنورین ہیں کہ آنحضرتﷺ نے یکے بعد دیگرے اپنی دو بیٹیوں کا نکاح آپؓ سے کیا۔ آپ واحد صحابی ہیں جنہیں نبیﷺ کی بیٹی (آپکی بیوی حضرت رقیہؓ) کے ساتھ ہجرت کر کے حضرت موسیٰؑ کے ساتھ مشابہت کی۔ آپ عشرہ مبشرہ میں سے تھے اور صحابہ کرامؓ میں مالدار صحابی تھے۔ آپؓ اسلام کے تیسرے خلیفہ راشد اور مظلوم ترین خلیفہ تھے۔

54- حضرت علیؓ کے دور میں ہونے والی دو جنگوں کے نام لکھیں۔

جواب۔ جنگ جمل، جنگ صفین۔

55- حضور کی کونسی دو بیٹیاں حضرت عثمان غنیؓ کے نکاح میں تھیں؟

جواب۔ حضرت رقیہؓ اور حضرت ام کلثومؓ۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


56۔ حضرت صدیق اکبرؓ کیسے خلیفہ منتخب ہوئے۔

جواب۔ نبی کریم ﷺ کے وصال کے وقت سقیفہ بنی ساعدہ جو دار المشورہ کے نام سے مشہور تھا اس جگہ جمع ہو کر انصار مدینہ نے دعوی کیا کہ مدینہ میں چونکہ انصار کی اکثریت ہے اور اسلام کے لیے ان کی خدمات کہیں زیادہ ہیں لہذا خلافت کا حق ان کا ہے دوسری جانب سیدنا عمر فاروق کو جب یہ خبر ملی تو وہ فوراً سیدنا ابوبکر صدیقؓ اور سیدنا عبیدہؓ بن الجراح کو ساتھ لے کر سقیفہ بنی ساعدہ پہنچے اور صورت حال سے واقفیت حاصل کی، اس موقع پر سیدنا ابوبکر صدیق نے نہایت نرمی اور حکمت سے انصار کو سنبھالا خلافت کے منصب کے مستحق قریش زیادہ ہیں ہاں ہم امیر ہوں گے اور تم ہمارے وزیر تمہارے مشورے کے بغیر کوئی معاملہ طے نہیں ہوگا۔
دیکھو محمد ﷺ قریش میں سے ہیں اس لیے ان کی خلافت کے مستحق قریش ہی ہو سکتے ہیں ان کی تقریر کا حاضرین پر بہت اثر ہوا حضرت عمر فاروقؓ نے آپ کا دست مبارک پکڑ کر آپؓ کے ہاتھ پر بیعت کی، ان کے بعد تو سب نے بیعت کرنے میں سبقت کرنا شروع کر دی۔

57۔ حضرت ابوبکر صدیق کے والد اور والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب۔ آپؓ کے والد کا نام عثمانؓ کنیت ابو قحافہ اور والدہ کا نام سلمیٰؓ اور کنیت ام الخیر ہے۔

## 2017

58۔ دور صدیقی کے چار چھوٹے نبیوں کے نام لکھیے۔

جواب۔ 1۔ مسیلمہ کذاب 2۔ اسود عنسی 3۔ سجاح بنت حارث 4۔ طلیحہ

59۔ حضرت عمرؓ کے ایمان لانے کا واقعہ تحریر کریں۔

جواب۔ ایک دن حضرت عمرؓ (نعوذ باللہ) حضورؐ کو قتل کے ارادہ سے گھر سے نکلے۔ راستہ میں ایک مسلمان نعیم بن عبداللہ نے پوچھا اے عمر کہاں کا ارادہ ہے؟ حضرت عمرؓ نے اپنا ارادہ بتایا تو انہوں نے کہا پہلے اپنے گھر کی خبر لو تمہاری بہن فاطمہ اور تمہارے بہنوئی سعید بن زید مسلمان ہو چکے ہیں۔ حضرت عمرؓ اپنی بہن اور بہنوئی کے گھر گئے اور انہیں مارا لیکن انہوں نے اسلام ترک نہ کیا یہ دیکھ کر حضرت عمرؓ نے کہا کہ جو کچھ تم پڑھ رہے تھے مجھے سناؤ اس کے بعد حضرت عمر حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اسلام قبول کر لیا۔

60۔ حضرت ابوبکرؓ کی مشکلات تحریر کریں۔

جواب۔ 1۔ لشکر اسامہ کی روانگی 2۔ جھوٹے مدعیان نبوت کا مسئلہ 3۔ زکوۃ سے انکار کرنے والے

61۔ حضرت علیؓ کے چار اوصاف بیان کریں۔

جواب۔ بچوں میں سب سے پہلے ایمان لائے 2۔ داماد رسولؐ 3۔ علم کا دروازہ 4۔ شیر خدا

62۔ حضرت عثمانؓ پر لگائے گئے الزامات میں سے دو بیان کریں۔

جواب۔ 1۔ صحابہ کی برطرفی 2۔ معزز صحابہ سے نا مناسب سلوک

63۔ خلفائے راشدین کے اسماء ترتیب سے لکھیے۔

جواب۔ 1۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ 2۔ حضرت عمر فاروقؓ 3۔ حضرت عثمان غنیؓ 4۔ حضرت علی المرتضیٰ

## 2018

64۔ حضرت علیؓ کی کنیت اور لقب لکھیے۔

جواب۔ حضرت علیؓ کی کنیت ابو تراب تھی اور لقب اسد اللہ تھا۔

☆☆☆☆☆